Provincial Institute for Teacher's Education(PITE) Balochistan , Quetta.

62

تربیتی مواد

برائے پیشہ ورانہ تربیت
پرائمری اساتذہ
کمیونٹی سکول اساتذہ انڈر BESP ساؤتھ ایسٹ ریجن

مضمون: انگریزی

تیار کردہ: پائٹ بلوچستان کوئٹہ

زیر نگرانی: عنائت اللہ کاکڑ ڈپٹی ڈائریکٹر (ٹریننگ) پائٹ

رہنمائی: پروفیسر نورالحق پانیزئی ڈائریکٹر پائٹ

ں لفظ

رایک نا قابل تردید حقیقت ہے کہ دنیا کی اس موجودہ ترقی میں زبان نے سب سے اہم کردار ادا کیا ہے۔ اگر ہم ایک لمحے کیلئے تصور کرلیں کہ دنیا میں کوئی زبان وجود نہیں رکھتی میں اپنی حقیقت، ادراک رکھنے والے بندروں سے زیادہ نظر نہیں آئیگی۔ یہ زبان ہی کا کرشمہ ہے جس سے ساری دنیا کے لوگ آپس میں جڑے ہوئے ہیں اور ایک دوسرے ساتھ رابطے میں ہیں۔

وقت دنیا میں ہزاروں کی تعداد میں زبانیں بولی جاتی ہیں جن میں سے چند ایک نے ہی بین الاقوامی درجہ اور پزیرائی حاصل کی ہے۔ انگریزی زبان کی اہمیت خواں کچھ بھی ہو، ں باہر حال اس حقیقت کو ماننا پڑے گا کہ یہ زبان گزرتے وقت کیساتھ بلوغت و فصاحت کے اعلی معیار تک پہنچ چکی ہے۔ یہ زبان اپنی لچک کی وجہ سے دنیا کی اہم زبانوں کی یاں اور اصطلائیں سمونیں میں کامیاب رہی ہے جس نے اس زبان کو سمندر جتنی وسعت دی ہے اور اسے اظہار کا ایک بہترین ذریعہ بنایا ہے۔

وقت دنیا میں کم وبیش 50 ممالک میں انگریزی بطور سرکاری زبان استعمال ہوتی ہے جن میں پاکستان بھی شامل ہے۔

ریزی زبان کی اہمیت کو دیکھتے ہوئے حکومت پاکستان نے سال 2003 سے انگریزی کو درسی سطح ہر بطور مضمون متعارف کرایا ہے۔ اس سے جہاں مستقبل میں مثبت اثرات ب ہونے کی امید ہے وہاں پرائمری اساتذہ کیلئے وقتی طور پر کچھ مشکلات بھی ہیں۔

ٹ بلوچستان نے اساتذہ کی انہی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ ماڈیول تیار کیا ہے۔ مجھے قوی امید ہے کہ یہ ماڈیول اساتذہ کیلئے منفعت بخش ثابت ہوگا۔

ید کی جاتی ہے کہ اس کوشش سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے پرائمری اساتذہ برائے کمیونٹی سپورٹا سکولز معاشرے کی ضروریات کو بہتر طور پر سمجھنے اور بچوں کو بہتر انداز میں ھانے کے قابل ہوجائیں گے جو یقیناً شرح خواندگی میں اضافہ کرنے اور پرائمری تعلیم کے معیار کو بلند کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔

ڈائریکٹر

پائٹ بلوچستان کوئٹہ

فہرست

سبق نمبر1

عنوان: اعضائے جسمانی کے ناموں کا تعارف(Parts of body)، ہدایات touch اور show me کی مدد سے۔

مقاصد:

☆ سُننا / بولنا۔ ☆ جسم کے مختلف حصوں کے نام (Head, Nose, ear) انگریزی میں ادا کرنا۔

سلام ودُعا بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

<u>تمام کلاس کے ساتھ کھیلنا (10 منٹ)</u>

1۔لرنرز (بچوں) کو بتائیں کہ آج ہم ایک کھیل یعنی Game کھیلیں گے۔جس میں جسم کے مختلف حصوں (یعنی part of body) کو چھوئیں گے۔لرنرز سے کہیں stand up please!۔لرنرز کو U کی شکل میں کھڑا ہونے کو کہیں۔اُن سے کہیں کہ وہ آپ کو غور سے دیکھیں۔

2۔اپنے سر کو چُھوتے ہوئے بچوں سے کہیں Say, head۔لرنرز head کہتے ہوئے اپنے سر کو چھوئیں گے۔(دو تین مرتبہ ایسا کریں)۔

3۔اب ناک کو اُنگلی سے چھوتے ہوئے کہیں Say, nose۔لرنرز nose کہتے ہوئے اپنی ناک پر اُنگلی رکھیں گے۔
یہی طریقہ کان Ear کے لئے بھی کریں۔(دو تین مرتبہ دُہرائیں)

4۔اب لرنرز سے کہیں Touch your head۔بچے اپنے سر پر ہاتھ رکھیں گے۔اسی طرح کہیں Touch your nose۔بچے اپنی ناک پر اُنگلی رکھیں گے۔پھر کہیں:
Touch your ea۔لرنرز اپنے کان کو چھوئیں گے۔(لرنرز سے چار پانچ مرتبہ اسی طرح کروائیں)۔

5۔اب ایک رضا کار کو بلائیں کہ سامنے آکر آپ کی طرح ہدایات دے۔دوسرے لرنرز اُس کے مطابق عمل کریں گے۔

اب لرنرز سے کہیں، میں آپ سے کہوں گے، show me اور جس چیز کا نام پوچھوں، آپ وہ چیز دکھائیں گے۔
sshow me your head, show me your nose, show me your finger, show me you foot, show me your foreheac۔لرنرز ہدایات کے مطابق چیزیں دکھائیں گے، یا اُس پر اپنی اُنگلی رکھیں گے۔

<u>جائزہ:</u>

انفرادی طور پر لرنرز سے Parts of body کے نام پوچھیں اور آپ کو جواب دیں۔

جائزہ گروپ میں کھیلنا (10 منٹ)

1۔ بچوں کے مناسب گروپ بنائیں اور اُن سے کہیں کہ گروپ میں باری باری ایک ایک بچہ اس طرح ہدایات دے اور دوسرے ساتھی اُن پر عمل کریں۔

2۔ گروپوں کے کھیلنے کے دوران اُن کی مدد اور رہنمائی کریں تا کہ تمام بچے ان اعضاء کے نام انگریزی میں لینے کی مشق کر سکیں۔

گھر کا کام:

بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے گھر والوں، بڑوں اور دوستوں سے جسم کے دوسرے حصوں کے نام پوچھ کر سیکھیں۔ اگلے روز بچے ہمیں بتائیں گے کہ اُنہوں نے کیا نام سیکھے۔ اُن سے کہیں کہ وہ اپنے گھر والوں سے یہ بھی پوچھیں کہ کل کون سا دِن ہے۔

سبق نمبر2

عنوان: اعضائے جسمانی کے ناموں کا تعارف(Parts of body) ہدایات،show meاور touch کی مدد سے۔

مقاصد:

☆سُننا ر بولنا۔ ☆ جسم کے مختلف حصوں کے نام(hand, foot, leg, fingers)انگریزی میں ادا کرنا۔

سلام دُعا: پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں لرنرز کا حال احوال پوچھیں۔

<u>سرگرمی نمبر1:</u> <u>تمام کلاس کے ساتھ کھیلنا</u> <u>(10منٹ)</u>

1۔لرنرز کو بتائیں آج ہم جسم کے مختلف حصوں یعنیParts of body کوTouch کرنے والیGame کھیلیں گے۔لرنرز سے کہیں!stand up please۔لرنرز کوU کی شکل میں کھڑا ہونے کو کہیں۔اُن سے کہیں کہ وہ آپ کو غور سے دیکھیں۔

2۔اپنے ہاتھ کو دوسرے ہاتھ سے چُھوتے ہوئے لرنرز سے کہیںSay, hand۔لرنرزhand کہتے ہوئے اپنے ہاتھ کو چھوئیں گے۔

•دو تین مرتبہ ایسا کریں)۔

3۔اب ایک اُنگلی کو دوسری اُنگلی سے چھوتے ہوئے کہیںSay, finger۔لرنرزfinger کہتے ہوئے اپنی اُنگلی کو دوسری اُنگلی سے چھوئیں گے۔

یہ طریقہleg, footکے لئے بھی کریں۔(دو تین مرتبہ دُہرائیں)

اب لرنرز کو درجِ ذیل ہدایات دیں۔لرنرز ہدایات کے مطابق اپنے جسم کے مختلف حصے چھوئیں گے۔

- touch your finger	- touch your nose
- touch your ear	- touch your hand
- touch your head	- touch your leg

ایک رضا کار کو بلائیں کہ سامنے آکر آپ کی طرح ہدایات دے۔دوسرے لرنرز اُس کے مطابق عمل کریں گے۔

۔ہدایتshow meکے ساتھ بھی لرنرز کے ساتھ یہ مشق کروائیں۔

<u>سرگرمی نمبر2:</u> <u>گروپ میں کھیلنا</u> <u>(10منٹ)</u>

1۔بچوں کے مناسب گروپ بنائیں اور اُن سے کہیں کہ گروپ میں باری باری ایک ایک بچہ اس طرح ہدایات دے اور دوسرے ساتھی اس پر عمل کریں۔

2۔گروپوں کے کھیلنے کے دوران اُن کی مدد اور رہنمائی کریں تا کہ تمام لرنرز ان اعضاء کے نام انگریزی میں لینے کی مشق کر سکیں۔

<u>گھر کا کام:</u> بچوں سے کہیں کہ وہhead, noseیاearمیں کسی ایک کی تصویر بنا کر لائیں۔

سبق نمبر3

عنوان: اعضائے جسمانی کے ناموں کا تعارف (Parts of body)

دُہرائی: raise your hand, stand up please, thankyou, sit down please
touch your .. . . , clap, show me . . . . . . ,

مقاصد:

☆ سُننا / بولنا۔ ☆ جسم کے مختلف حصوں کے نام ehead, teeth, lips, cheek, chin) انگریزی میں ادا کرنا۔

☆ سیکھی ہوئی ہدایات کی دہرائی اور مشق

سلام ودُعا: پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

تمام کلاس کے ساتھ کھیلنا (10 منٹ)

1۔ لرنرز کو بتائیں اب ہم جسم کے مختلف حصوں یعنی Parts of body کو Touch کرنے والی Game کھیلیں گے۔ لرنرز کہیں stand up please!۔ لرنرز کو U کی شکل میں کھڑا ہونے کو کہیں۔ اُن سے کہیں کہ وہ آپ کو غور سے دیکھیں۔

2۔ اپنے دانتوں کو چھوتے ہوئے لرنرز سے کہیں Say, teeth۔ لرنرز Teeth کہتے ہوئے اپنے دانتوں کو چھوئیں گے۔ (دو مرتبہ ایسا کریں)۔

3۔ اب ماتھے کو اُنگلی سے چھوتے ہوئے کہیں say forehead۔ لرنرز forehead کہتے ہوئے اپنے ماتھے کو چھوئیں گے۔
یہی طریقہ chin, cheek, lips کے لئے بھی کریں۔ (دو تین مرتبہ دُہرائیں)

ایک رضا کار کو بلائیں کہ سامنے آکر آپ کی طرح ہدایات دے۔ دوسرے لرنرز اُس کے مطابق عمل کریں گے۔

اب بچوں کو درجِ ذیل ہدایات دیں۔ بچے ہدایات کے مطابق اپنے جسم کے مختلف حصے چھوئیں گے۔

touch your head - touch your nose - ouch you

touch your hand - touch your finger - ouch your

touch your cheek - touch your forehead - ouch your

lips

- touch your chin - touch your teeth

گروپ میں کھیلنا: (10منٹ)

1۔لرنرز کے مناسب گروپ بنائیں اور اُن سے کہیں کہ گروپ میں باری باری ایک ایک لرنر اس طرح ہدایات دے اور دوسرے ساتھی اس پر عمل کریں۔

2۔گروپوں کے کھیلنے کے دوران اُن کی مدد اور رہنمائی کریں تا کہ تمام لرنرز ان اعضاء کے نام انگریزی میں لینے کی مشق کر سکیں۔

جائزہ:

آخر میں لرنرز سے کہیں، stand up please۔اُن سے کہیں کہ میں جس چیز کا نام بتاؤں، آپ نے مجھے وہ چیز دکھانی ہے، یا اُس چیز کا چھونا ہے۔

اب مختلف چیزوں اور جسم کے مختلف حصوں کے بارے میں درجِ ذیل ہدایات دیں۔

touch your nose, touch your head, touch your forehead, touch your teeth, show me a book, show me a penciln show me a table, show me a rubber, show me a sharpner وغیرہ۔

سبق نمبر4

عنوان: تصاویر کے نام سیکھنا apple, ant, ball

ہدایات: Open your books, close your books,

مقاصد: ☆سُننا/ بولنا۔ ☆انگریزی قاعدے میں دی گئی تصاویر کے نام سیکھنا اور اُن کی دُہرائی۔

سلام ودُعا: پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

سرگرمی نمبر1: تصاویر کے نام سیکھیں۔ (10منٹ)

1۔بچوں سے کہیں،Open your books۔
اب صفحہ نمبر1 کا نچلا حصہ کسی سادہ کاغذ سے چھپا کر اُوپر کی تین تصاویر apple, ant اور ball بچوں کو دکھائیں۔
2۔ اُنہیں بتائیں کہ آج وہ ان pictures کے نام English میں سیکھیں گے۔
3۔Apple کی تصویر پر اُنگلی رکھ کر بچوں سے کہیں Say, apple۔ بچے آپ کی پیروی میں نام دہرائیں گے۔اسی طرح ball کے نام بھی متعارف کروائیں۔تین چار مرتبہ یہی مشق دُہرائیں۔
4۔اب لرنرز سے کہیں کہ pairs میں باری باری ان ہی pictures پر finger رکھ کر ان کے نام ایک دوسرے کو بتائیں۔
5۔جوڑوں کے کام کے دوران گھوم پھر کر لرنرز کی مدد اور رہنمائی کریں۔

سرگرمی نمبر2:Guess the riddle (10منٹ)

1۔لرنرز کو بتائیں کہ اب وہ ایک game کھیلیں گے۔جس کا نام ہے guess the riddle۔اُن سے کہیں کہ جن pictures کے نام آج اُنہوں نے سیکھے ہیں، آپ ان کے بارے میں کچھ اشارے دیں گے۔لرنرز نے pair میں مشورہ کر کے اُس چیز کا نام English میں بتانا ہے۔
اُن سے مندرجہ ذیل پہیلیاں پوچھیں:

☆ یہ بہت مزے دار ہوتا ہے۔ہم سب اس کو بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔ (apple)
☆ ہم اس کے ساتھ کھیلتے ہیں اس کی شکل گول ہوتی ہے۔ (ball)
☆ یہ کالے رنگ کی ہوتی ہے اور اکثر ہمیں کاٹتی ہے۔ (ant)

2۔جوڑوں کے صحیح جواب دینے پر دوسرے بچوں سے کہیں کہ اُن کے لئے calpping کریں۔

گھر کا کام:

بچوں سے کہیں کہ اپنے گھر والوں اور دوستوں کو اپنی book میں یہی pictures دکھائیں، اور اُنہیں اِن کے نام انگریزی میں بتائیں۔

سبق نمبر 5:

عنوان: تصاویر کے نام سیکھنا duck, dog, cat

مقاصد/مہارتیں:

☆سُننا/بولنا ☆ Dog, cat اور Duck کے نام سیکھنا۔ ☆ تنقیدی سوچ۔ ☆ معلومات کا تجزیہ کرنا۔ ☆ Synthesis۔

تدریسی مواد: ☆انگریزی قاعدہ صفحہ نمبر 1۔

سلام ودُعا: پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

نوٹ: بچوں سے پوچھیں! کون بتائے گا، آج کون سا دِن ہے۔ بچوں سے کہیں raise your hand اور بتائیں۔ بچے اگر بتائیں تو good کہہ کر اُن کی تعریف کریں۔

سرگرمی نمبر 1: تصاویر کے نام سیکھیں! (10 منٹ)

1۔بچوں سے کہیں. Open your books please۔

صفحہ نمبر 1 پر دی گئی ant, apple اور ball کی تصاویر کے نام انگریزی میں اخذ کرائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم اِن سے نیچے دی گئی Pictures کے نام سیکھیں گے۔

2۔Cat کی تصویر پر اُنگلی رکھ کر بچوں سے کہیں Say, Cat۔ بچے آپ کی پیروی میں نام دُہرائیں گے۔ اسی طرح Dog اور Duck کے نام بھی معارف کروائیں۔ تین چار مرتبہ یہی مشق دُہرائیں۔

3۔بچوں سے کہیں کہ pairs میں باری باری ان ہی pictures پر fingers رکھ کر ان کے نام ایک دوسرے کو بتائیں۔

4۔جوڑوں کے کام کے دوران گھوم پھر کر بچوں کی مدد اور رہنمائی کریں۔

سرگرمی نمبر 2: Guess the riddle (10 منٹ)

1۔بچوں کو بتائیں کہ اب وہ ایک game کھیلیں گے، جس کا نام ہے guess the riddle۔ اُن سے کہیں کہ آج انہوں نے جو نام سیکھے ہیں، آپ اُن کے بارے میں اشارے دیں گے۔ اور بچوں نے pairs میں مشورہ کر کے اُس کا نام english میں بتانا ہے۔

اُن سے درج ذیل پہیلیاں پوچھیں اور حرکات وسکنات کے ذریعے اشارے واضح کریں۔

☆یہ دودھ بڑے شوق سے پیتی ہے۔اس کاMouth چھوٹا سا ہوتا ہےاوراس کیeyesبڑی بڑی ہوتی ہیں۔ (Cat)

☆یہ ہڈی اور گوشت بڑے شوق سے کھاتا ہے۔اس کو جب بھیCat نظر آتی ہےتو اُس کے پیچھے دوڑتا ہے۔ (Dog)

☆یہ کیڑے مکوڑے بڑے شوق سے کھاتی ہےاور پانی میں تیرسکتی ہے۔یہ انڈے بھی دیتی ہے۔ (Duck)

2۔جوڑوں کے صحیح جواب دینے پراُن کے لئے تالیاں بجوائیں۔

گھر کا کام: ☆ بچوں سے کہیں کہ اپنے گھر والوں کواپنیBook میںDog, Duckاور Cat کیpicturesدکھائیں اوراُن کے نام بھی بتائیں۔

☆اپنی سلیٹوں پرایکDog،draw کریں جوCat کے ساتھ ہاتھ ملا رہا ہے۔

سبق نمبر 6:

عنوان: تصاویر کے ناموں کا اعادہ (apple, ant, ball, cat, dog, duck)

ہدایات کی دُہرائی: پچھلی سیکھی ہوئی ہدایات کی دُہرائی۔

مقاصد/مہارتیں/ذہانتیں

☆ سُننا/بولنا۔ ☆ سیکھے ہوئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ۔ ☆ تنقیدی سوچ۔ ☆ تخلیقی سوچ۔

☆ پیشکش کی مہارت ☆ تخیلاتی سوچ۔ ☆ خوداعتمادی۔ ☆ دوسروں کی چیز بلا اجازت نہ لینا

☆ لڑائی جھگڑے سے گریز۔ ☆ گروہی ذہانت۔ ☆ زبانی/لسانی ذہانت۔ ☆ جسمانی/حرکاتی ذہانت۔

تدریسی مواد: ☆ انگریزی قاعدہ صفحہ نمبر 1۔

سلام ودُعا: پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

گھر کا کام چیک کرنا:

- بچوں سے کہیں Show me your drawings, please۔ بچے اپنی بنائی ہوئی تصاویر اوپر کر کے دکھائیں گے۔ چند بچے باری باری بتائیں گے کہ اُنہوں نے کون کون سی چیزیں Draw کی ہیں۔ بچوں سے کہیں کہ سب ایک دوسرے کے لئے clapping کریں۔

- بچوں سے پوچھیں کہ کل کون سا دن تھا۔ بچے یاد کر کے بتائیں۔

- بچوں سے دن کے بارے میں پوچھیں، کہ آج کون سا دن ہے۔ اگر بچے بتائیں تو اُن کے لئے clapping کریں۔ اگر نہ بتا سکیں تو خود اُنہیں آج کا دن انگریزی میں بتائیں۔ (بچوں سے کہیں کہ وہ ہر روز گھر جا کر اپنے گھر والوں، دوستوں اور بڑوں سے آج اور دن کے بارے میں پوچھا کریں، اور اُسے یاد کر لیا کریں۔ اگلے روز ہمیں بتائیں کہ کس کس نے آج کے دن کا نام انگریزی میں سیکھا ہے۔ اور دن بتائیں گے۔)

سرگرمی نمبر 1: Story time (10 منٹ)

1 بچوں کو بتائیں کہ آج وہ مزے کی کہانی سُنیں گے۔ اُنہیں بتائیں کہ جب بھی story سُنانے کا وقت ہوگا تو آپ بورڈ پر ایک

Star بنائیں گے۔ بورڈ پر ستارہ بنائیں۔اُن کے بتائیں کہ اب Story time ہے۔

اُنہیں درن ذیل کہانی مناسب لب ولہجہ اور حرکات وسکنات کے ساتھ سنائیں۔

ایک دِن Cat اپنی ball کے ساتھ کھیل رہی تھی کہ اتنے میں Duck آ گئی۔اُس نے cat سے کہا، ello, cat, how are you?"

Cat نے جواب دیا، "I am fine thank you"۔Duck نے cat سے کہا،''پیاری Cat، کیا تم مجھے اپنی ball کے س کھیلنے دوگی؟'' Cat نے اُس سے کہا،''کیوں نہیں! چلو تم ball پھینکو، میں اُس کو پکڑوں''۔دونوں نے کھیلنا شروع کر دیا۔ اتنے میں ا Dog دوڑتا ہوا آیا اور اُس نے دونوں سے ball چھین لی۔Duck نے اُس سے کہا،'' Dog بھیا! ہم سے ball نہ چھینو۔ آؤ ہم مل کھیلتے ہیں''۔ Dog نے کہا،''نہیں میں cat کے ساتھ نہیں کھیلوں گے''۔ Cat نے اُس سے کہا،'' آؤ ہم دونوں دوستی کر لیں Dog نے اُس کے ساتھ ہاتھ ملالیا اور تینوں ball کے ساتھ کھیلنے لگے۔Apple اور ant دُور سے یہ سب دیکھ رہے تھے۔جب اُ نے تینوں کو مِل کر کھیتے ہوئے دیکھا تو اُنہوں نے clapping کرنی شروع کر دی۔

کہانی سُنانے کے بعد بچوں سے درجِ ذیل سوالات پوچھیں۔

☆ آپ کو Story میں کون اچھا لگا؟ کیوں؟

☆ اگر آپ Dog ہوتے تو کیا Cat اور Duck سے ball چھینتے؟ کیوں؟

☆ کسی کی چیز زبردستی نہ لینا اچھی بات ہے یا بُری؟ کیوں؟

☆ دُور سے کون دیکھ رہا تھا؟

سرگرمی نمبر2: رول پلے (10منٹ)

1۔بچوں سے کہیں کہ اب وہ اس story کے لئے رول پلے تیار کریں گے۔اُن سے کہیں Make groups۔ بچے گروپوں میں بیٹھ جائیں گے۔

2۔اُن سے کہیں کہ گروپ میں ایک ساتھ Duck، ایک Cat، ایک Dog بن جائے اور ایک ایک ساتھ apple اور ant بن جائیں۔

3۔گروپ رول پلے تیار کریں گے۔اس دوران مکالمے یاد کروانے میں بچوں کی مدد کریں۔

4۔اب باری باری چند گروپوں کو سامنے بُلائیں اور اُن سے رول پلے کروائیں۔گروپوں کی پیشکش پر اُن کے لئے تالیاں بجوائیں۔

گھر کا کام:

بچوں سے کہیں کہ سکول سے گھر جاتے ہوئے راستے میں دیکھیں کہ اُنہیں duck, cat, ant اور dog میں سے کوئی راستے میں ملا تو اگلے روز آ کر بتائیں گے کہ انہوں نے کون سے جانور کو دیکھا۔

سبق نمبر 7:

عنوان: تصویر کے نام سیکھنا (hen, horse, gun)

مقاصد/مہارتیں/ذہانتیں

☆ سُننا/بولنا۔ ☆ horse, gun اور hen کے انگریزی نام سیکھنا۔ ☆ سوچ۔ ☆ تخلیقی سوچ۔

☆ تخیلاتی سوچ۔ ☆ رحم دلی۔ ☆ حرکاتی ذہانت۔ ☆ گروہی ذہا

☆ زبانی/لسانی ذہانت

تدریسی مواد: ☆ انگریزی قاعدہ صفحہ نمبر 1

سلام ودُعا: پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگیزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

گھر کا کام دیکھنا:

- بچوں سے کہیں Show me your drawings۔ بچے اپنی بنائی ہوئی تصویر اُوپر کر کے دکھائیں گے۔تصویر بنا والے بچوں کے لئے clapping کریں۔ چند بچوں سے باری باری پوچھیں کہ اُنہوں نے کون کون سی چیزیں draw کی ہیں۔۔ اُن کے نام انگریزی میں بتائیں گے۔
- بچوں سے دن کے بارے میں پوچھیں کہ آج کون سا دن ہے۔ اگر بچے بتائیں تو اس/اُن کے لئے clapping کریں۔اُ سے پوچھیں کہ وہ بتائیں کہ انہوں نے کس سے آج کے دن کا نام سیکھا ہے۔ بچے بتائیں۔ ساتھ ساتھ اُن سے پوچھیں کہ کل کون سا دن تھا۔ بچے یاد کر کے بتائیں۔

سرگرمی نمبر 1: تصاویر کے نام سیکھیں! (10 منٹ)

1۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ اور نام سیکھیں گے۔ اُن سے کہیں Open your Englsih bookds, please۔ بچے اپنے قاعدے کھولیں گے۔ آپ قاعدے کے صفحہ نمبر 1 پر Gun کی تصویر پر اُنگلی رکھ کر بچوں سے کہیں Say, gun۔ بچے آپ کی پیروی کرتے ہوئے نام دُہرائیں گے۔ تین چار مرتبہ یہی عمل دُہرائیں۔ اسی طرح horse اور hen کی تصاویر کے نام بھی متعارف کروائیں۔

2۔ اب بچوں سے کہیں Make pairs۔ بچے جوڑے بنائی گے۔ اب اُن سے کہیں کہ pairs میں ایک ساتھی دوسرے سے پوچھ Show me. . . . . . اور دوسرے ساتھی اُسی picture پر finger رکھ کر اُسے بتائے۔ اسی طرح دوسرا ساتھ پہلے سے پوچھ Shwo me. . . . . اور پہلا اُسی picture پر finger رکھ کر دکھائے۔

3۔ جوڑوں کے کام کے دوران گھوم پھر کر بچوں کی مدد اور رہنمائی کریں۔

سرگرمی نمبر 2: تصاویر پر بات چیت (10 منٹ)

بچوں سے کہیں کہ اب وہ اِن pictures کے بارے میں باتیں کریں گے جن کے English نام اُنہوں نے آج سیکھے ہیں۔

بچوں سے باری باری درجِ ذیل سوالات پوچھیں۔

gun کس کے پاس ہوتی ہے؟ ☆ gun سے کیا کام لیا جاتا ہے؟

کیا کسی جانور یا پرندے کا مارنا اچھی بات ہے؟ کیوں؟ ☆ جو لوگ اپنی gun سے جانوروں کو مارتے ہیں آپ اُنہیں منع کریں گے کہ وہ ایسا نہ کریں؟

Hor کی تصویر پر اُنگلی رکھ کر پوچھیں

آپ میں سے horse کس کس نے دیکھا ہے؟ کہاں دیکھا ہے؟

اگر horse آپ سے کہے کہ مجھے بھوک لگی ہے مجھے کھانا دو تو آپ اُسے کھانے کے لئے کیا دیں گے؟

H کی تصویر پر اُنگلی رکھ کر پوچھیں

آپ کے خیال میں یہ hen اِس horse سے کیا کہہ رہی ہے۔ ☆ hen کی طرح چل کر دکھائیں۔

آپ کو horse, hen اور gun میں کون سی picture پسند ہے؟ کیوں؟

نوٹ: اگر وقت ہو تو بچوں کے جسم کے مختلف حصوں اور کلاس میں موجود مختلف چیزوں کی مشق touch اور show me کی مدد سے کروائیں۔

گھر کا کام:

بچوں سے کہیں کہ گھر سے اِن تینوں pictures میں سے اپنی پسند کی کوئی بھی picture، draw کر کے لائیں۔

نوٹ: بچے ڈرائنگ کا کام اُس وقت کلاس میں بھی کر سکتے ہیں، جس وقت اُستاد دوسری کلاس کو پڑھانے چلا جائے۔

سبق نمبر 8:

عنوان: تصاویر کے ناموں کا اعادہ (elephant, fish, goat, gun, horse, hen)

مقاصد/مہارتیں/ذہانتیں

☆ سُننا/بولنا۔ ☆ سیکھے ہوئے ذخیرہ الفاظ کا اعادہ۔ ☆ تنقیدی سوچ۔ ☆ تخلیقی سوچ۔

☆ رحم دلی۔ ☆ پیشکش۔ ☆ خود اعتمادی۔ ☆ زبانی/لسانی ذہانت۔

☆ گروہی ذہانت۔ ☆ جسمانی/حرکاتی ذہانت

تدریسی مواد: ☆انگریزی قاعدہ صفحہ نمبر 1۔

سلام و دُعا: پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

گھر کا کام دیکھنا:

- بچوں سے کہیں Show me your drawings, please۔

بچے اپنی بنائی ہوئی تصاویر اُوپر کر کے دکھائیں گے۔ چند بچے باری باری بتائیں گے کہ اُنہوں نے کون سی چیز draw کی ہے اور کیوں؟

- بچوں سے پوچھیں! کون بتائے گا، آج کون سا دِن day ہے؟ بچوں سے کہیں raise your hand اور بتائیں۔ بچے اگر بتائیں تو good کہہ کر اُن کی تعریف کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ Day بتانے والے بچوں کے لئے clapping کریں۔ اگر بچے نہ بتا سکیں، تو خود اُنہیں دِن بتا دیں کہ آج فلاں دن ہے۔ ساتھ ساتھ اُن سے پوچھیں کہ کل کون سا دن تھا۔ بچے یاد کر کے بتائیں۔

<u>سرگرمی نمبر 1۔ (10 منٹ) Story time</u>

1۔ بورڈ پر ستارہ بنائیں اور بچوں سے پوچھیں، یہ کون سا Time ہے۔ بچوں سے اخذ کرائیں کہ اب Story time ہے۔ اُنہیں درجِ ذیل کہانی مُناسب لب و لہجہ اور حرکات و سکنات کے ساتھ سنائیں۔

ایک تھا بڑا سا Elephant۔ ایک روز وہ gun لے کر جنگل میں جا رہا تھا کہ اُسے دُور دریا کے پاس ایک Horse نظر آیا جو goat کے ساتھ پانی پی رہا تھا۔ Elephant نے اپنی gun کو اُوپر اٹھایا اور horse کا نشانہ لینے لگا کہ اتنے میں hen دوڑتی ہوئی آئی اور elephant سے کہنے لگی، "ارے elephant بھیا کہ کیا ظلم کر رہے ہیں۔ کسی کو مارنا تو بہت بُری بات ہے"۔ Elephant نے سوچا کہ hen تو ٹھیک کہہ رہی ہے۔ اُس نے فوراً جا کر Horse اور goat سے کہا، "i am sorry"۔ مجھے معاف کر دیں میں آئندہ کسی کو نہیں ماروں گا"۔ اتنے میں دریا سے fish نے سر باہر نکال کر کہا، "ہم سب کو ایک دوسرے کے ساتھ مِل جُل کر ہنسی خوشی رہنا چاہیے۔ یہ سُن کر سب ہنسنے لگے۔

اب بچوں سے درج ذیل سوالات پوچھیں۔

☆ Horse کس کے ساتھ مل کر دریا سے پانی پی رہا تھا؟

☆ Elephant کے پاس کیا چیز تھی؟

☆ اگر آپ Hen کی جگہ ہوتے تو elephant کو مارنے سے کیسے منع کرتے؟

☆ Elephant نے horse اور goat کے پاس جا کر اُن سے کیا کہا؟

☆ Elephant نے sorry کہہ کر اچھا کیا یا بُرا؟ کیوں؟

☆ آپ اس Story کو کیا نام دیں گے۔

<u>سرگرمی نمبر 2: رول پلے کرنا (10 منٹ)</u>

1۔ بچوں سے کہیں کہ اب وہ اِسی Story کا رول پلے تیار کریں گے۔ اُن سے کہیں، Make group۔ بچے گروپوں میں بیٹھ جائیں گے۔

2۔ اُن سے کہیں کہ گروپوں میں Elephant، Horse، Goat، Hen اور Fish بن جائیں۔ گروپوں کی تیاری کے دوران مکالمے یاد کروانے میں بچوں کی مدد کریں اور اس بات کا خیال رکھیں کہ مکالموں کے دوران انگریزی الفاظ کا استعمال ضرور ہو۔

3۔ باری باری چند گروپوں کو دعوت دیں کہ وہ آ کر اپنے رول پلے پیش کریں۔

4۔ ہر پیشکش پر اُن کے لئے تالیاں بجوائیں۔

سبق نمبر 9:

عنوان: تصاویر کے نام سیکھنا (inkpot, jug, key)

مقاصد/مہارتیں/ذہانتیں

☆ سُننا/بولنا۔ ☆ Jug, Ink pot اور key کے نام سیکھنا۔ ☆ تنقیدی سوچ۔
☆ معلومات کا تجزیہ کرنا۔
☆ خوداعتمادی۔ ☆ زبانی/لسانی ذہانت۔ ☆ گروہی ذہانت۔

تدریسی مواد: ☆انگریزی قاعدہ صفحہ نمبر 2

سلام ودُعا: پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

- بچوں سے پوچھیں! کون بتائے گا، آج کون سا دِن day ہے۔ بچوں سے کہیں raise your hand اور بتائیں بتائیں تو good کہہ کر اُن کی تعریف کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ دن بتانے والے بچوں کے لئے clapping کریں۔ اگر سکیں تو خود اُنہیں دن بتادیں۔ کہ آج فلاں دن ہے۔ ساتھ ساتھ اُن سے پوچھیں کہ کل کون سا دن تھا۔ بچے یاد کر کے بتائیں۔

سرگرمی نمبر 1: تصاویر کے نام سیکھیں! (10 منٹ)

1۔ بچوں کو بتائیں آج ہم کچھ نئے نام سیکھیں گے۔ اُن سے کہیں Open your English books, please۔ بچے قاعدے کھولیں گے۔ اُنہیں قاعدے کے صفحہ نمبر 2 کے بالائی حصے میں دی گئی تساویر اِس طرح دکھائیں کہ نچلا حصہ کسی کاغذ سے ڈھا دیا گیا ہو۔

2۔ ink pot کی تصویر پر اُنگلی رکھ کر بچوں سے کہیں:

Say ink pot۔ بچے آپ کی پیروی کریں گے۔ یہ عمل تین چار بار دُہرائیں۔ اِسی طرح jug اور key کے لئے بھی یہی طر دُہرائیں۔

3۔ اب بچوں سے کہیں Make pairs۔ بچے جوڑے بنائیں گے۔ اُن سے کہیں کہ pairs میں باری باری ایک ساتھی دوسرے سے کہے۔ . . . . Show me۔ دوسرا ساتھی اُس picture پر finger رکھ کر اُس کا نام لے کر بتائے۔

4۔ جوڑوں کو کام کرتے ہوئے دیکھیں اور صحیح تلفظ کی ادائیگی میں اُن کی مدد اور رہنمائی کریں۔

سرگرمی نمبر2: Guess the riddle (وقت 10 منٹ)

1۔ بچوں سے کہیں Close your books۔اس دوران اپنی کتاب بھی بند کر دیں۔ بچے اپنی کتاب بند کر لیں بتائیں آج ہم پھر ایک Game کھیلیں گے۔ جس کا نام Guess the riddle ہے۔ اُن سے کہیں کہ اِشارے pairs میں مشورہ کر کے پوچھی گئی چیز کا English میں نام بتائیں۔

☆ یہ ایک چھوٹی سی بوتل ہے جس کے اُوپر ڈھکنا بھی ہوتا ہے۔ اس میں کالا، نیلا، سُرخ اور سبز رنگ کا پانی ہوتا ہے۔ pot)

☆ یہ ایک ایسی چیز ہے جس میں بہت سا شربت، پانی یا دودھ ڈالا جاتا ہے۔ (Jug)

☆ یہ بڑے کام کی چیز ہے۔ اگر یہ نہ ہو تو تالا کُھل نہیں سکتا۔ (Key)

۔ ہر مرتبہ پوچھنے کے بعد بچوں کو سوچنے اور مشورہ کرنے کا وقت دیں۔ تھوڑی دیر بعد اُن سے کہیں کہ جواب دینے کے لئے Raise your hand۔ بچے ہاتھ اُٹھا کر جواب دیں گے۔ صحیح جواب دینے والے بچوں سے کہیں Correvt۔ اِس دوران سر کو ہاں کے راز میں جنبش دیں۔ اُن کی حوصلہ افزائی Very good کہہ کر کریں اور دوسرے بچوں سے کہیں کہ ان کے لئے Clappin کریں۔

مر کا کام:

بچوں سے کہیں کہ اپنے گھر والوں کو اپنی book میں اِن pictures کے نام English میں بتائیں۔

اُن سے کہیں کہ گھر سے ایسا Jug، Draw کر کے لائیں جس کے ایک hand میں key اور دوسرے hand میں ink p ہو۔

ٹ: بچے ڈرائنگ کا کام اس وقت بھی کر سکتے ہیں، جس وقت اُستاد دوسری کلاس کر پڑھانے چلا جائے۔

سبق نمبر10

عنوان: تصاویر کے نام سیکھنا (kite, leaf, lion)

مقاصد/مہارتیں/ذہانتیں

☆ سُننا/بولنا۔ ☆ Leaf, Kiteاورِ Lionکے نام سیکھنا۔ ☆ تنقیدی سوچ۔

☆ معلومات کا تجزیہ کرنا۔

☆ خوداعتمادی۔ ☆ زبانی/لسانی ذہانت۔ ☆ گروہی ذہانت۔ ☆ جسمانی/حرکاتی ذہانت۔

تدریسی مواد: ☆انگریزی قاعدہ صفحہ نمبر2

سلام ودُعا: پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

گھر کا کام دیکھنا:

- بچوں سے کہیںShow me your drawings, please۔ بچے اپنی بنائی ہوئی تصاویر اُوپر کر کے دکھائیں گے۔ تصویر دکھانے والے بچوں کے لئے clapping کروائیں۔ چند بچے بتائیں گے کہ اُنہوں نے کیا Drawing کیا ہے۔ اِن چیزوں کے نام انگریزی میں بتائیں گے۔ بچوں کی حوصلہ افزائیWell done, children کہہ کر کریں۔
- بچوں سے پوچھیں! کون بتائے گا، آج کون سا دِنday ہے۔ بچوں سے کہیںraise your handاور بتائیں۔ بچے اگر بتائیں تو good کہہ کر اُنکی تعریف کریں۔ بچوں سے کہیں کہ ہو دن بتانے اِلے بچوں کے لئے clapping کریں۔ اگر بچے نہ بتا سکیں، تو خود اُنہیں دن بتا دیں۔ کہ آج فلاں دِن ہے۔ ساتھ ساتھ اُن سے پوچھیں کہ کل کون سا دن تھا۔ بچے یاد کر کے بتائیں۔

سرگرمی نمبر1: تصاویر کے نام (10منٹ)

1۔ بچوں سے پوچھیں،dear, children، کیا آپ جانتے ہیں ہم آج کیا کریں گے؟'' بچوں سے اخذ کرائیں کہ آج وہ ok دی گئی کچھ اور pictures کے English نام سیکھیں گے۔

2۔ اُن سے کہیںOpen your English books, please۔ بچے اپنے قاعدے کھولیں گے۔ اُنہیں قاعدہ 2 پر دی گئی تصاویرleat, Kiteاور Lion دکھاتے ہوئے کہیں کہ آج وہ ان کے English نام سیکھیں گے۔

3۔ پہلے بچوں کی معلومات جاننے کے لئے اُن سے پوچھیں کہ کیا اُن میں سے کسی کو ان میں کسی picture کا English نام معلوم ہے۔ Raise your hands۔ اگر کسی بچے کو معلوم ہو تو اس سے اخذ کرائیں اور حوصلہ افزائی کے طور پر well done یا very good کہیں۔

Kite. کی تصویر پر اُنگلی رکھ کر بچوں سے کہیں Say, kite۔ بچے آپ کی پیروی میں نام دہرائیں گے۔اس نام کو تین پر
،ساتھ دُہرائیں۔یہی طریقہ Leaf اور Lion کے لئے بھی کریں۔

.اب بچوں سے کہیں Make pairs۔ بچے جوڑے بنا کر ایک دوسرے کو تصاویر کے نام اُنگلی رکھ کر بتائیں گے۔اس کام کے لئے
ں وہی ہدایات دیں جو گذشتہ اسباق میں دیتے آئے ہیں۔

رمی نمبر2: آئیں game کھیلیں! (10منٹ)

.بچوں کو بتائیں کہ آج وہ ایک نئی Game کھیلیں گے۔اُنہیں کھیل کے بارے میں وضاحت کریں کہ آپ میں سے گروپ سے ایک
سامنے آئے گا۔وہ Leaf, Kite یا Lion بن کر اپنے بارے میں ایک اشارہ/Clue دے گا۔دوسرے بچے بتائیں گے کہ وہ کون
،۔مثلاً Leaf بن کر آنے والا بتائے گا کہ میں سبز رنگ کا ہوں یا Kite کہے گا کہ میں ہوا میں اُڑتا ہوں وغیرہ۔ دوسرے گروپ
.Engli میں نام بتائیں گے کہ وہ کون ہے۔اگر جواب صحیح ہو تو پوچھنے والا بچہ کہے گا Right۔اگر غلط ہو تو کہے گا Wrong۔

.بچوں سے کہیں make groups۔ بچے گروپوں میں بیٹھ جائیں گے۔اُنہیں آپس میں مشورہ کرنے کے لئے وقت دیں تاکہ
ے اشارے سوچ سکیں۔اس دوران اُن کی رہنمائی کریں۔

.اب ہر گروپ سے باری باری ایک بچہ سامنے آ کر اپنے بارے میں ایک اشارہ دے گا۔دوسرے گروپ آپس میں مشورہ کر کے ہاتھ
ائیں گے اور جواب دیں گے۔اگر جواب صحیح ہو تو پوچھنے والا بچہ کہے گا Right، اور اگر غلط ہو تو کہے گا Wrong۔صحیح جواب دینے
لے گروپ کے لئے تالیاں بجوائیں۔

ر کا کام:

بچوں سے کہیں کہ گھر سے Leaf کی شکل کی Kite بنا کر لائیں جس کو ایک Lion اُڑا رہا ہو۔

سبق نمبر 11:

عنوان: سیکھے ہوئے ذخیرۂ الفاظ کی دُہرائی (inkpot, jug, key, kite, leaf, lion)

مقاصد / مہارتیں / ذہانتیں

☆ سُننا / بولنا۔ ☆ سیکھے ہوئے ذخیرۂ الفاظ کی دُہرائی۔ ☆ تنقیدی سوچ۔ ☆ تخیلاتی سوچ۔

☆ معاشرتی آداب مثلاً Thank you اور wel come کہنا۔ ☆ دوسروں کی مدد کرنا۔ ☆ زبانی / لسانی ذہانت۔

☆ گروہی ذہانت۔ ☆ جسمانی / حرکاتی ذہانت۔

تدریسی مواد: ☆ انگریزی قاعدہ صفحہ نمبر 2

سلام دُعا: پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

گھر کا کام:

- بچوں سے کہیں Show me your drawings ,please

چند بچے اپنی Drawings کے بارے میں بتائیں گے۔ Very good یا Well done کہہ کر اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔

- بچوں سے پوچھیں! کون بتائے گا کہ آج کون سا دِن day ہے۔ بچوں سے کہیں raise your hand اور بتائیں۔ بچے اگر بتائیں تو good کہہ کر اُن کی تعریف کریں ل۔ بچوں سے کہیں کہ وہ دن بتانے والے بچوں کے لئے clapping کریں۔ اگر بچے نہ بتا سکیں، تو خود اُنہیں دن بتا دیں کہ آج فلاں دن ہے۔ ساتھ ساتھ اُن سے پوچھیں کہ کل کون سا دن تھا۔ بچے یاد کر کے بتائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ میں جسم کے حصوں یا کلاس میں چیزوں کی طرف اشارہ کروں گی / گا۔ آپ سب نے مل کر اُن کا نام بتانا ہے اب جسم کے مختلف حصوں اور کلاس میں مختلف چیزوں کی طرف اشارہ کرتے جائیں۔ بچے آپ کو اُن کا نام انگریزی میں بتائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ایک دوسرے کے لئے clapping کریں۔

سرگرمی نمبر 1: Story time (10 منٹ)

1۔ بورڈ پر ستارہ بنائیں۔ بچے بتائیں گے کہ یہ Story time ہے۔ اُنہیں بتائیں کہ آج وہ ایک نئی Story سُنیں گے۔ اُنہیں درجِ ذیل کہانی مُناسب اشاروں اور لب ولہجہ کے ساتھ سُنائیں۔

ایک دِن Lion اپنے گھر کے صحن میں Kite اُڑا رہا تھا۔ اتنے میں ایک Leaf اُڑتی ہوئی وہاں پہنچ گئی۔ اُس نے Lion سے

"Lion بھیا، مجھے پیاس لگی ہے۔کیا آپ کے گھر میں پانی مل جائے گا؟" Lion نے کہا،" ہاں، کیوں نہیں"۔اُس نے Jug کو آواز دی کہ پانی لے آئے۔اتنے میں Jug اپنے پیٹ میں بہت سا ٹھنڈا پانی لے آیا۔Leaf نے جلدی سے Jug کو اپنے Lips سے لگایا اور پانی پی لیا۔پانی پی کر Leaf نے Lion اور Jug سے Thank you کہا۔جواب میں Lion اور Jug نے wel come کہا۔

اِتنے میں ink pot روتی ہوئی آئی اور کہنے لگی،" میری Key کھوگئی ہے۔" سب اُس کی Key ڈھونڈنے لگے۔اتنے میں Kite چلائی،" ارے ink pot وہ دیکھو تمہاری key، chair کے نیچے گری ہوئی ہے"۔Ink pot اپنی Key پا کر بہت خوش ہوئی۔

کہانی ختم کرنے کے بعد بچوں سے درج ذیل سوالات پوچھیں۔

- ☆ آپ کو Stroy کیسی لگی؟
- ☆ آپ Stroy کا کیا نام رکھیں گے؟
- ☆ Story میں آپ کو کون اچھا لگا؟ کیوں؟
- ☆ Leaf نے پانی پی کر Lion اور Jug سے کیا کہا؟
- ☆ اُنہوں نے جواب میں کیا کہا؟
- ☆ کیا آپ کسی سے Thank you کہتے ہیں؟ کب؟
- ☆ اگر دوسرے آپ سے Thank you کہیں تو آپ جواب میں کیا کہتے ہیں؟

<u>سرگرمی نمبر2: رول پلے کرنا (10منٹ)</u>

1۔بچوں سے کہیں کہ اب وہ اسی Story کے لئے groups رول پلے تیار کریں گے۔اُن سے کہیں make groups۔بچے گروپوں میں بیٹھ جائیں گے۔

2۔بچوں کو گروپوں میں کردار بانٹنے اور مکالمے یاد کروانے میں مدد دیں۔

3۔باری باری چند گروپوں کو بُلائیں کہ اپنا رول پلے پیش کریں۔ہر پیشکش پر بچوں سے کہیں کہ اُن کے لئے Clapping کریں۔

سبق نمبر12:

عنوان: تصاویر کے نام سیکھنا (monkey, nest, needle)

مقاصد رمہارتیں رذہانتیں

☆ سُننا ربولنا۔ ☆ Monkey، nest اور needle کے نام سیکھنا۔ ☆ تنقیدی سوچ۔
☆ تخیلاتی سوچ
☆ زبانی رلسانی ذہانت۔ ☆ گروہی ذہانت۔ ☆ جسمانی رحرکاتی ذہانت۔

تدریسی مواد: ☆انگریزی قاعدہ صفحہ نمبر 2

سلام دُعا: پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

گھر کا کام:

- بچوں سے پوچھیں! کون بتائے گا، آج کون سا دِن day ہے۔ بچوں سے کہیں raise your hand اور بتائیں۔ بچے اگر بتائیں تو good کہہ کر اُن کا شکریہ ادا کر اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ دن بتانے والے بچوں کے لئے clapping کریں۔ اگر بچے نہ بتا سکیں تو خود اُنہیں دن بتا دیں کہ آج فلاں دن ہے۔ ساتھ ساتھ اُن سے پوچھیں کہ کل کون سا دن تھا۔ بچے یاد کر کے بتائیں۔

سرگرمی نمبر1: تصاویر کے نام سیکھیں۔ (10منٹ)

1۔بچوں سے کہیں Dear children, open your English books۔ بچے اپنے قاعدے کھولیں گے۔ متعلقہ تصاویر پر اُنگلی رکھتے ہوئے بچوں کو بتائیں کہ آج ہم اِن Pictures کے English نام سیکھیں گے۔
2۔پہلے بچوں سے اخذ کرائیں اگر اُن میں کسی کو اِن کا نام معلوم ہو۔ نام بتانے پر اُنہیں Well done یا Very good کہہ کر اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔
3۔اب Monkey کی تصویر پر اُنگلی رکھ کر بچوں سے کہیں Say, monkey۔ بچے آپ کی پیروی کر کے نام دُہرائیں گے۔ یہ عمل تین چار مرتبہ کریں۔ اب چند بچوں کو اِنفرادی طور پر باری باری مخاطب کر کے کہیں Ghalib, say monkey۔ بچے تصویر کا نام دُہرائیں گے۔
اِسی طرح Nest اور needle کے لئے بھی کریں۔

4۔اب بچوں سے کہیں Make pairs۔ بچے جوڑے بنالیں تو اُن سے کہیں کہ ان Pictures کے نام ایک دوسرے سے باری باری پوچھیں۔ایک بچہ کہے. . . . . .Show me۔دوسرا بچہ اُس پر finger رکھ کر بتائے۔

۔اِس دوران گھوم پھر کر بچوں کو کام کرتا ہوا دیکھیں اور جہاں ضرورت ہو، رہنمائی کریں۔

رمی نمبر 2: تصاویر پر بات چیت (10 منٹ)

بچوں سے کہیں آج ہم ان pictures کے بارے میں باتیں کریں گے۔اُن سے درجِ ذیل سوالات باری باری پوچھیں۔

Monkey کس کس نے دیکھا ہے؟ Raise your hands۔

Picture میں Monkey کیا کر رہا ہے؟

اگر monkey آپ سے کہے کہ مجھے کھانے کو دو تو آپ اُسے کیا کیا چیزیں دیں گے؟

اگر آپ monkey ہوتے تو کیا کھاتے؟

Nest میں کیا رکھا ہوا ہے؟

کیا آپ نے کبھی nest دیکھا ہے؟ کہاں؟

Needle سے کیا کام لیتے ہیں؟

سینے کے علاوہ needle سے ہم اور کیا کام لے سکتے ہیں؟

Needle سے کپڑے سینے کی نقل کر کے دکھائیں۔

ر کا کام:

بچوں سے کہیں کہ اپنے گھروں میں یا اِدھر اُدھر دیکھیں کہ nest کہاں کہاں بنے ہوئے ہیں اور یہ کون سے پرندوں کے ہیں۔

ھر سے ایک monkey، draw کر کے لائیں جو needle سے nest سی رہا ہے۔

نوٹ): ڈرائنگ کا کام بچوں کو کلاس میں بھی دیا جاسکتا ہے۔جبکہ اِس دوران اُستاد دوسری کلاس کر پڑھانے جاسکتا ہے۔

سبق نمبر13:

عنوان: تصاویر کے نام سیکھنا (ox, parrot, pen)

مقاصد/مہارتیں/ذہانتیں

☆ سُننا/بولنا۔ ☆ parrot, ox اور pen کے نام سیکھنا۔ ☆ تنقیدی سوچ۔ ☆ معلومات کا تجزیہ کرنا۔

☆ خوداعتمادی۔☆ زبانی/لسانی ذہانت۔ ☆ گروہی ذہانت۔

تدریسی مواد: ☆ انگریزی قاعدہ صفحہ نمبر2

سلام ودُعا: پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

گھر کا کام:

- بچوں سے پوچھیں! کون بتائے گا، آج کون سا دِن day ہے۔بچوں سے کہیں raise your hand اور بتائیں۔۔ اگر بتائیں تو good کہہ کر اُن کی تعریف کریں۔بچوں سے کہیں کہ وہ دن بتانے والے بچوں کے لئے clapping کریں۔اگر بچے بتا سکیں تو خود اُنہیں دِن بتا دیں۔کہ آج فلاں دن ہے۔ساتھ ساتھ اُن سے پوچھیں کہ کل کون سا دن تھا۔بچے یاد کر کے بتائیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ اُنہوں نے Nest کہاں کہاں دیکھے اور وہ کون سے پرندوں کے تھے۔بچے اپنے تجربات کے بارے میں بتائیں گے۔

بچوں سے کہیں Show me your drawings, please۔بچے اپنی بنائی ہوئی تصاویر دکھائیں گے اور بتائیں گے کہ اُنہ نے کیا بنایا ہے۔Well done یا very good کہہ کر اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔

<u>سرگرمی نمبر1:</u> <u>تصاویر کے نام سیکھیں! (10 منٹ)</u>

1۔بچوں سے کہیں Open your English books, please۔بچے قاعدوں کا صفحہ نمبر2 کھولیں گے۔آپ اپنے قاعدے میں صفحہ نمبر2 کے نچلے حصے میں دی گئی تصاویر کے بارے میں پوچھیں،''آپ کا کیا خیال ہے،ہم اِن pictures کے بار کیا کرنے والے ہیں''۔بچوں سے اخذ کرائیں کہ وہ اِن pictures کے انگریزی میں نام سیکھیں گے۔

2۔پہلے بچوں سے اخذ کرائیں کہ اُن میں سے کون اِن pictures کے English نام پہلے ہی سے جانتا ہے۔

اب ox کی تصویر پر اُنگلی رکھ کر بچوں سے کہیں Say, ox۔بچے آپ کی پیروی کریں گے۔باری باری انفرادی طور پر بھی بچوں سے یہا نام ادا کرنے کو کہیں۔تین چار مرتبہ یہی عمل دہرائیں۔یہی عمل parrot اور pen کے لئے بھی کریں۔

3۔اب اُن سے کہیں Make pairs۔ بچے جوڑے بنا کر ایک دوسرے سے باری باری کہیں گے ..... Show me۔۔
اُسی تصویر پر اُنگلی رکھ کر اپنے ساتھی کو دکھائیں گے۔
4۔اِس دوران گھوم پھر کر جوڑوں کی رہنمائی کریں اور تلفظ کی ادائیگی صحیح کروائیں۔

سرگرمی نمبر 2: Guess the riddle (10 منٹ)

1۔ بچوں سے کہیں آج ہم پھر game کھیلیں گے۔ Guess the riddle۔ اُن سے کھیل کا طریقہ کار اخذ کرائیں۔ دوبارہ وضاحت کریں، ''میں آپ کو اِن ہی pictures میں سے کسی ایک کے بارے میں کچھ clues دوں گا/گی۔ آپ نے pairs میں سوچ کر اس کا English میں نام بتانا ہے''۔ اُن سے درجِ ذیل پہیلیاں باری باری پوچھیں۔ ہر مرتبہ پوچھنے کے بعد اُنہیں مشورہ کرنے کے لئے وقت دیں اور آخر میں کہیں Raise your hands۔

☆ یہ ایک ایسا پرندہ ہے جس کی چونچ سُرخ ہوتی ہے۔ (Parrot)

☆ یہ ایک بڑا سا جانور ہے، جس کے سر پر سینگ ہوتے ہیں۔ اِس پر سامان بھی لے جایا جاتا ہے اور ہل بھی چلایا جاتا ہے۔ (Ox)

☆ یہ ایک ایسی کام کی چیز ہے جس میں Ink ڈالو تو لکھے گا ورنہ نہیں۔ (Pen)

2۔ صحیح جواب دینے والے بچوں کے لئے clapping کروائیں۔

گھر کا کام:

- بچوں سے کہیں گھر والوں کو اپنی book میں یہی pictures دکھائیں اور اُن کے English نام بتائیں۔
- گھر سے ایک parrot، draw کر کے لائیں جو pen سے کچھ draw کر رہا ہو۔

(نوٹ) ڈرائنگ کا کام بچوں کو اس وقت بھی کلاس میں دیا جا سکتا ہے جب اُستاد دوسری کلاس کو پڑھانے جا رہا ہو۔

سبق نمبر 14

عنوان: سیکھے ہوئے ذخیرۂ الفاظ کی دُہرائی ,nkey, nest, needle, ox, parrot
pen)

مقاصد رمہارتیں رذہانتیں
☆ سننا ربولنا۔ ☆ سیکھے ہوئے ذخیرۂ الفاظ کی دُہرائی۔ ☆ تنقیدی سوچ۔ ☆
دوسروں کی چیز بلا اجازت نہ لینا۔
☆ تخیلاتی سوچ۔☆ اپنی غلطی پر sorry کہنا۔ ☆ زبانی رلسانی ذہانت۔ ☆ گروہی ذہانت۔
☆ جسمانی رحرکاتی ذہانت۔

تدریسی مواد: ☆انگریزی قاعدہ صفحہ نمبر 2

سلام دُعا: پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

گھر کا کام:
۔ بچوں سے کہیں Show me your drawings ,please۔ بچے اپنی بنائی ہوئی تصاویر اُٹھا کر دکھائیں گے اُن سے کہیں کہ اپنی draw کی ہوئی چیز کا نام English میں بتائیں۔ بچوں کی حوصلہ افزائی Very good یا well done کہہ کر کریں۔
۔ بچوں سے پوچھیں! کون بتائے گا، آج کون سا دِن day ہے۔ بچوں سے کہیں raise your hand اور بتائیں۔ اگر بتائیں گو good کہہ کر اُن کی تعریف کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ دن بتانے والے بچوں کے لئے clapping کریں۔ اگر نہ بتا سکیں، تو خود اُنہیں بتا دیں کہ آج فلاں دن ہے۔ ساتھ ساتھ اُن سے پوچھیں کہ کل کون سا دن تھا۔ بچے یاد کر کے بتائیں۔

سرگرمی نمبر 1: Story time (10 منٹ)
1۔ بورڈ پر ستارہ بنائی اور بچوں سے اخذ کرائیں کہ یہ Story time ہے۔ بچوں کو درجِ ذیل کہانی مُناسب لب ولہجہ اور ا کے ساتھ سُنائیں۔
ایک تھا parrot جو اپنے nest میں بیٹھا آرام کر رہا تھا کہ اُسے اپنے دوست Ox کو خط لکھنے کا خیال آیا۔ اُس نے جب اپنے

bag میں دیکھا تو اُس کا pen نہیں تھا۔ وہ نیا pen لینے بازار چلا گیا۔ اتنے میں ایک monkey وہاں سے گزرا۔ اُس نے جب دیکھا کہ parrot تو اپنے nest میں نہیں ہے اور اُس میں eggs یعنی انڈے پڑے ہوئے ہیں تو اُس کے منہ میں پانی بھر آیا۔ اُس نے جیسے ہی جھٹ سے eggs کی طرف hand بڑھایا تو اس کی چیخ نکل گئی۔ اُس کے hand میں کوئی چیز چُبھ گئی تھی۔ اتنے میں parrot، pen لے کر واپس آ گیا۔ اُس نے دیکھا کہ monkey چیخ رہا ہے اور اُس کے hnad میں needle چُبھ گئی ہے۔ اُس نے parrot سے کہا، "I am sorry، میں آپ کے nest سے eggs چُرانا چاہتا تھا۔ مجھے اِس کی سزا مل گئی۔ میں آئندہ کبھی کسی کی چیز بغیر پوچھے نہیں لوں گا"۔ Parrot نے اُسے معاف کر دیا۔

کہانی ختم کرنے کے بعد بچوں سے درج ذیل سوالات پوچھیں۔

☆ Parrot کس کو خط لکھنا چاہتا تھا؟

☆ Eggs کہاں پڑے ہوئے تھے؟

☆ Monkey کے hand میں کیا چیز چُبھ گئی تھی؟

☆ Monkey، parrot کے eggs چُرا کا اچھا کام کر رہا تھا یا نہیں؟ کیوں؟

☆ اُس نے شرمندہ ہو کر Parrot سے کیا کہا؟

سرگرمی نمبر 2: رول پلے (10 منٹ)

1۔ بچوں سے کہیں Make groups۔ بچے گروپ بنائیں گے۔ اُن سے کہیں کہ اس story کا اپنے گروپوں میں رول پلے تیار کریں۔

2۔ بچے گروپوں میں parrot، monkey اور nest بن جائیں۔ رول پلے تیار کروانے میں گروپوں کی مدد کریں۔ Nest بنانے کے لئے تین بچے ہاتھ ملا کر بیٹھ جائیں۔

3۔ اب باری باری چند گروپوں کو سامنے بُلائیں کہ اپنا تیار کردہ رول پلے پیش کریں۔

4۔ ہر پیشکش کے آخر میں دوسرے بچوں سے کہیں کہ پیش کرنے والے گروپ کے لئے clapping کریں۔

سبق نمبر 15:

عنوان: تصاویر کے نام (Quaid-e-Azam, rose, star)

مقاصد/مہارتیں/ذہانتیں

☆ سُننا/بولنا۔ ☆ Quaid-e-Azam، rose اور star کے نام سیکھنا۔ ☆ زبانی/لسانی ذہانت۔

☆ گروہی ذہانت ☆ جسمانی/حرکاتی ذہانت۔ ☆ خوداعتمادی۔

تدریسی مواد: ☆ انگریزی قاعدہ صفحہ نمبر 3

سلام ودُعا: پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

۔ بچوں سے پوچھیں! کون بتائے گا، آج کون سا دِن day ہے۔ بچوں سے کہیں raise your hand اور بتائیں۔ بچے اگر بتائیں تو good کہہ کر اُن کی تعریف کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ دن بتانے والے بچوں کے لئے clapping کریں۔ اگر بچے نہ بتاسکیں تو خود اُنہیں دِن بتادیں۔ کہ آج فلاں دن ہے۔ ساتھ ساتھ اُن سے پوچھیں کہ کل کون سا دن تھا۔ بچے یاد کر کے بتائیں۔

سرگرمی نمبر 1: تصاویر کے نام سیکھیں۔ (10 منٹ)

1۔ بچوں سے کہیں آج ہم بہت اچھی اچھی pictures کے نام سیکھیں گے۔ اُن سے کہیں Open your English bookds please۔ اُنہیں اپنے قاعدے میں صفحہ نمبر 3 دکھائیں۔ بچے اپنے قاعدوں کا یہی صفحہ کھولیں گے۔

2۔ بچوں سے اخذ کرائیں کہ اُن pictures میں کون سی picture کا نام وہ جانتے ہیں۔ اگر وہ قائداعظم اور Star کا نام بتائیں اُن کو Very good کہیں۔

3۔ اگر بچوں کو نام بتانے میں مشکل ہو تو Say والے طریقے کے مطابق اُنہیں تینوں تصاویر کے نام باری باری بتائیں اور اُن سے اجتماعی اور انفرادی طور پر اخذ کرائیں۔

4۔ بچوں سے پوچھیں Quaid-e-Azam کے بارے میں کوئی بتا سکتا ہے؟ اُن سے اخذ کرائیں کہ اُنہوں نے ہمارے لئے پاکستان بنایا تھا۔ پوچھیں، جب میں بورڈ پر Star بناؤں تو اس کا کیا مطلب ہوتا ہے؟ اُن سے اخذ کرائیں کہ star بنانے کا مطلب Story time ہوتا ہے۔

5۔ بچوں سے کہیں Make paris۔ بچے جوڑے بنائیں گے اور . . . . Show me کے ذریعے ایک دوسرے کو دکھائیں گے۔ اِس دوران جوڑوں کی مدد اور رہنمائی کریں۔

سرگرمی نمبر2: Hopping game کھیلنا (10منٹ)

1۔ بچوں کو بتائیں کہ اب وہ ایک مزے کی game کھیلیں گے۔جس کا نام ہے Hopping game۔انہیں کھیل کا طریقہ سمجھانے کے لئے ساتھ مظاہرہ بھی کریں۔اُن کے دو گروپ بنائیں۔دونوں گروپ آمنے سامنے کھڑے ہو جائیں گے۔ایک گروپ کا نام star group اور دوسرے گروپ کا نام rose group ہوگا۔ پہلے star group سے ایک بچہ سامنے آئے گا اور ایک foot پر hop کرتے ہوئے ایک ہی سانس میں star, star کہتا جائے گا۔جب وہ تھک جائے گا اور اُس کی سانس ختم ہو جائے تو وہ رُک جائے گا اور کہے گا rose۔اگلی باری rose group کی ہوگی۔اُس میں سے بھی ایک بچہ سامنے آ کر ایک foot پر hop کرتے ہوئے ایک ہی سانس میں rose, rose کہتا جائے گا۔جب وہ تھک جائے تو رُک جائے گا اور کہے گا star۔

2۔ یہ کھیل باری باری تمام بچوں کے ساتھ جاری رکھیں۔اگر وقت کم ہو تو آپ دوسری کلاس کو پڑھانے کے لئے جاتے وقت بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اس game کو کھیلتے رہیں۔

گھر کا کام:

بچوں سے کہیں کہ گھر سے star اور rose، draw کر کے لائیں جو hopping game کھیل رہے ہیں۔

سبق نمبر 16:

عنوان: تصاویر کے نام سیکھنا (Tree, Top, Umbrella)

مقاصد رمہارتیں رذہانتیں

☆ سُننا ربولنا۔ ☆ Top, Tree اور Umbrella کے نام سیکھنا۔ ☆ تنقیدی سوچ۔
☆ تخلیقی سوچ۔ ☆ تخیلاتی سوچ۔
☆ زبانی رلسانی ذہانت۔ ☆ گروہی ذہانت۔ ☆ جسمانی رحرکاتی ذہانت۔

تدریسی مواد: ☆ انگریزی قاعدہ صفحہ نمبر 3

سلام ودُعا: پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

گھر کا کام چیک کرنا:

- بچوں سے کہیں Dear children, show me your drawings ,please۔ بچے اپنی تصاویر دکھائیں گے اور بتائیں گے کہ اُنہوں نے کیا draw کیا ہے۔اُن کے کام پر اُنہیں well done یا very good کہیں۔
- بچوں سے پوچھیں! کون بتائے گا، آج کون سا دِن day ہے۔بچوں سے کہیں raise your hand اور بتائیں۔ بچے اگر بتائیں تو good کہہ کر اُن کی تعریف کریں۔بچوں سے کہیں کہ وہ دن بتانے والے بچوں کے لئے clapping کریں۔اگر بچے نہ بتا سکیں، تو خود اُنہیں دن بتادیں۔کہ آج فلاں دن ہے۔ساتھ ساتھ اُن سے پوچھیں کہ کل کون سا دن تھا۔بچے یاد کرکے بتائیں۔

سرگرمی نمبر 1: تصاویر کے نام (10 منٹ)

1۔ بچوں سے کہیں Open your English books please۔ اُنہیں اپنے قاعدے میں صفحہ نمبر 3 دکھائیں۔وہ اپنے قاعدوں کا یہی صفحہ کھولیں گے۔اُن سے پوچھیں، ''کیا آپ جانتے ہیں آج ہم کون سی pictures کے English نام سیکھیں گے۔اُن pictures پر finger رکھ کر دکھائیں۔بچے tree، top اور umbrella کی تصاویر پر اُنگلی رکھ کر دکھائیں گے۔

2۔ پہلے اُن سے اخذ کرائیں اگر اُن میں سے کوئی بچہ ان کے نام انگریزی میں جانتا ہو۔ایسے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

3۔اب tree کی تصویر پر اُنگلی رکھ کر کہیں Say, tree۔ بچے آپ کی پیروی میں نام دُہرائیں گے۔دو تین مرتبہ یہی عمل دُہرانے کے بعد اِنفرادی طور پر چند بچوں کا نام لے کر اُن سے نام اخذ کرائیں مثلاً Sanam, say tree۔اِسی طرح top اور umbrella۔

لئے بھی یہی طریقہ کار اختیار کریں۔

سرگرمی نمبر 2: تصاویر پر بات چیت (10 منٹ)

1۔ بچوں کو بتائیں کہ آج وہ ان pictures کے بارے میں باتیں کریں گے۔ اُن سے درج ذیل سوالات پوچھیں۔

☆ آپ tree میں اپنی پسند کی کون سی چیز لگانا چاہیں گے؟ کیوں؟

☆ اگر آپ top ہوتے تو کس طرح گھومتے؟ گھوم کر دکھائیں۔

☆ umbrella سے کون کون سے کام لئے جاتے ہیں؟

☆ کون بتائے گا کہ tree کے قریب کس چیز کی picture ہے؟

☆ اگر آپ umbrella ہوتے تو کس طرح چلتے؟ چل کر دکھائیں۔

☆ بند umbrella کیسا ہوتا ہے؟ ویسا بن کر دکھائیں۔

umbrella کس طرح کھلتا ہے؟ ویسا کر کے دکھائیں۔

picture والی umbrella میں کون کون سے رنگ ہیں؟

آپ اپنی umbrella کو کون کون سے رنگ دیں گے؟

، کہ گھر سے umbrella بنا کر لائیں جو tree کے نیچے کھڑی ہو۔

سبق نمبر 17:

عنوان: سیکھے ہوئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ (Quaid-e-Azam, rose, star, Tree, Top, Umbrella)

مقاصد رمہارتیں رذہانتیں

☆ سُننا ر بولنا۔ ☆ سیکھے ہوئے ذخیرۂ الفاظ کی دُہرائی۔ ☆ زبانی رلسانی ذہانت۔ ☆ گروہی ذہانت۔

☆ جسمانی رحرکات ذہانت۔ ☆ موسیقی رلَے کی ذہانت۔

سلام ودُعا: پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

گھر کا کام چیک کرنا:

- بچوں سے کہیں Show mej your drawings۔ بچے اپنی بنائی ہوئی تصاویر دکھائیں گے۔ اُن سے اخذ کرائیں کہ اُنہوں نے کیا کیا چیزیں draw کی ہیں۔ بچے ان کے انگریزی نام بتائیں گے۔ اُن کے کام کو very good اور well done کہہ کر سرائیں۔
- بچوں سے پوچھیں! کون بتائے گا، آج کون سا دِن day ہے۔ بچوں سے کہیں raise your hand اور بتائیں۔ اگر بتائیں تو good کہہ کر اُن کی تعریف کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ دن بتانے والے بچوں کے لئے clapping کریں۔ اگر بچے بتا سکیں تو خود اُنہیں دن بتا دیں۔ کہ آج فلاں دن ہے۔ ساتھ ساتھ اُن سے پوچھیں کہ کل کون سا دن تھا۔ بچے یاد کر کے بتائیں۔

سرگرمی نمبر 1: Rhym time (10 منٹ)

1۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ایک اچھی سی نظم یعنی rhym گائیں گے۔ اُن سے کہیں کہ آپ کے ساتھ ساتھ hym جیسا آپ کرتے ہیں ویسا ہی کرتے جائیں۔ اُن کے ساتھ درجِ ذیل نظم مُناسب لَے اور حرکات وسکنات کے ساتھ تین یا دُہرائیں۔

ہم سب گھومیں Top بن کر، Top بن کر (ہاتھ پھیلا کر ایک پاؤں پر گھومنے کی نقل کریں)

چم چم چمکیں Star بن کر، Star بن کر (دونوں ہاتھوں کی اُنگلیوں کو کھولیں اور بند کریں)

کِھل جائیں ہم Rose بن کر، Rose بن کر (دونوں ہاتھوں کی مٹھیوں کو آہستہ سے کھولیں جیسے پھول کِھل رہا ہو)

کُھل جائیں Umbrella بن کر، Umbrella بن کر (دونوں ہاتھوں کو چھتری کی طرح نیچے سے اُوپر لا کر پھیلا دیں)

پھیل جائیں Tree بن کر، Tree بن کر (دونوں ہاتھوں کو پھیلا لیں)

2۔ اب اُن سے کہیں کہ آپ rhyme کا پہلا حصہ گائیں گے اور اگلا حصہ وہ گائیں گے۔ مثلاً ''ہم سب گھومیں'' آپ کہیں گے جواب میں بچے کہیں گے ''Top بن کر، Top بن کر'' اسی طرح چم چم چمکیں آپ کہیں گے۔ جواب میں سب بچے کہیں گے ''Star بن کر، Star بن کر'' تمام نظم کو اسی طرح گائیں۔

سرگرمی نمبر 2: گروپوں میں گانا (10 منٹ)

1۔ بچوں سے کہیں Make groups۔ بچے گروپوں میں بیٹھ جائیں گے۔ اُن سے کہیں کہ اب وہ گروپوں میں اسی rhyme کو مل جُل کر گائیں اور ساتھ اِسی طرح نقل بھی کریں۔

2۔ گروپوں میں جا کر بچوں کو نظم گاتے اور مختلف حرکات وسکنات کرتے ہوئے دیکھیں اور اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔

سبق نمبر 18:

عنوان: تصاویر کے نام سیکھنا (Vase, Watch, X-ray)

مقاصد رمہارتیں رذہانتیں

☆ سُننا ر بولنا۔ ☆ Vase،Watch اور X-ray کے نام سیکھنا۔ ☆ تنقیدی سوچ
☆ معلومات کا تجزیہ کرنا۔
☆ خُود اعتمادی۔ ☆ زبانی رلسانی ذہانت۔ ☆ گروہی ذہانت۔

تدریسی مواد: ☆ انگریزی قاعدہ صفحہ نمبر 3

سلام ودُعا: پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

۔ بچوں سے پوچھیں! کون بتائے گا، آج کون سا دِن day ہے۔ بچوں سے کہیں raise your hand اور بتائیں بتائیں تو good کہہ کر اُن کی تعریف کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ دن بتانے والے بچوں کے لئے clapping کریں۔ اگر نہ سکیں، تو خود اُنہیں دن بتادیں۔ کہ آج فلاں دن ہے۔ ساتھ ساتھ اُن سے پوچھیں کہ کل کون سا دن تھا۔ بچے یاد کر کے بتائیں۔

سرگرمی نمبر 1: تصاویر کے نام (10 منٹ)

1۔ بچوں سے پوچھیں، ''Dear children، کیا آپ کو پتہ ہے کہ آپ کی English کی book میں کچھ اور چیزیں بنی ہوئی ہیں۔ کیا آپ اُن کے نام سیکھنا چاہتے ہیں؟''

بچوں سے آراء لینے کے بعد اُن سے کہیں Open your English books, please۔ اپنی کتاب کا صفحہ نمبر 3 دکھا کر اُن سے اخذ کرائیں کہ آج وہ کون سی pictures کے نام سیکھیں گے۔

پہلے اُن سے اخذ کرائیں کہ اُنہیں ان میں سے کون سی picture کا English میں نام معلوم ہے۔ بنا بتانے والے بچوں کی حوصلہ افزائی Very good کہہ کر کریں۔

2۔ اب Vase کی تصویر پر اُنگلی رکھ کر بچوں سے کہیں Say, vase۔ Vase کہتے ہوئے اپنے اُوپر کے دانتوں کو نچلے ہونٹوں کے اُوپر لائیں تا کہ 'V' کی آواز ادا ہو۔ بچے آپ کی تقلید کریں گے۔ یہ عمل تین چار مرتبہ کریں۔ اب انفرادی طور پر باری باری چند بچوں کو نام سے مخاطب کرتے ہوئے یہی نام ادا کرنے کو کہیں۔ مثلاً Asad, say,. vase۔

اسی طرح Watch اور x-ray کے لئے بھی یہی طریقہ دُہرائیں۔ خیال رہے کہ Watch کہتے ہوئے اپنے ہونٹوں کو گول کرکے

'w' کی آوازادا کریں۔

3۔ بچوں سے کہیں make pairs۔ بچے جوڑے بنائیں گے۔ اُن سے کہیں کہ pairs میں باری باری ایک دوسرے
کہیں . . . .Shem me اور اُسی picture پر finger رکھ کر ایک دوسرے کو دکھائیں۔

4۔ جوڑوں کو کام کرتے ہوئے دیکھیں اور الفاظ کے صحیح تلفظ کی ادائیگی میں اُن کی مدد اور رہنمائی کریں۔

سرگرمی نمبر2: Guess the riddle (10منٹ)

1۔ بچوں سے کہیں Close your books کیونکہ اب وہ game کھیلیں گے۔ guess the riddle۔ اُن سے کہیں کہ آپ اُنہیں اِن ہی pictures کے بارے میں کچھ اِشارے دیں گے اور وہ pairs میں مشورہ کر کے اُس پوچھی گئی چیز کا نام بتائیں گے۔

اُن سے درج ذیل پہیلیاں پوچھیں اور ہر مرتبہ پوچھنے کے بعد اُن سے کہیں Raise your hands۔

☆ اگر ہڈی ٹوٹ جائے تو اس سے پتہ چلتا ہے کہ ہڈی کہاں سے ٹوٹی ہوئی ہے۔ (X-ray)

☆ اِس کی مدد سے ہم Time معلوم کرتے ہیں۔ (Watch)

☆ اس میں پھول سجائے جاتے ہیں۔ (Vase)

2۔ ہاتھ اُٹھانے والے بچوں میں سے ایک سے کہیں فلاں Stand up۔ (صحیح جواب دینے پر دوسرے بچوں سے کہیں کہ اُس کے لئے clapping کریں)

3۔ ہر مرتبہ جواب اخذ کرانے کے لئے یہی طریقہ اختیار کریں۔

گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ گھر سے ایک Vase، draw کر کے لائیں، جس میں آپ کی پسند کے پھول لگے ہوئے ہوں۔

- اپنے گھر والوں کو اپنی book میں اِن pictures کے English نام بتائیں۔

(نوٹ) ڈرائنگ کا کام اُستاد دوسری کلاس میں جاتے ہوئے اِن بچوں کو دے سکتا ہے۔

سبق نمبر19:

عنوان: تصاویر کے نام سیکھنا (Yak, Zip, Zebra)

مقاصد/مہارتیں/ذہانتیں

☆ سُننا/ بولنا۔ ☆ Zip،Yak اورZebra کے نام سیکھنا۔ ☆ زبانی/لسانی ذہانت۔ ☆ گروہی ذہانت۔

☆ جسمانی/حرکاتی ذہانت۔

تدریسی مواد: ☆ انگریزی قاعدہ صفحہ نمبر3

سلام ودُعا: پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

گھر کا کام

بچوں سے کہیں Show me your drawings۔ بچے اپنی بنائی ہوئی تصاویر دکھائیں گے اور اُن کا انگریزی نام بتائیں گے۔ اُن کی حوصلہ افزائی well done اور very good کہہ کر کریں۔

- بچوں سے پوچھیں! کون بتائے گا، آج کون سا دِن day ہے۔ بچوں سے کہیں raise your hand اور بتائیں۔ بچے اگر بتائیں تو good کہہ کر اُن کی تعریف کریں۔ بچوں سے کہیں کہ دن بتانے والے بچوں کے لئے clapping کریں۔ اگر بچے نہ بتا سکیں تو خود اُنہیں دن بتادیں۔ کہ آج فلاں دن ہے۔ ساتھ ساتھ اُن سے پوچھیں کہ کل کون سا دن تھا۔ بچے یاد کر کے بتائیں۔

<u>سرگرمی نمبر1:</u> **<u>تصاویر کے نام (10منٹ)</u>**

1۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا آپ جانتے ہیں کہ ہم آج کون سی pictures کے نام سیکھیں گے؟ اُن سے کہیں open your books۔ اُنہیں اپنے قاعدے کا صفحہ نمبر3 دکھائیں اور اُس کے نچلے حصے میں دی گئی تصاویر دکھائیں۔

2۔ Yak کی تصویر پر اُنگلی رکھ کر بچوں سے پوچھیں،'' آپ جانتے ہیں کہ اس کو کیا کہتے ہیں؟'' اگر بچے مادری زبان میں نام بتائیں یا کوئی اور نام بتائیں تو اُن سے کہیں کہ اس کو Yak کہتے ہیں۔ اُن سے کہیں Say, yak۔ بچے نام دُہرائیں گے۔ یہ عمل تین چار مرتبہ دُہرائیں۔ اِنفرادی طور پر بھی چند بچوں کو مخاطب کر کے اُن سے yak نام دُہرانے کو کہیں۔

اِسی طرح zip اور zebra کے لئے بھی یہی طریقہ اختیار کریں اور بچوں کو تین چار مرتبہ نام دُہرانے کو کہیں۔

3۔ اُن سے کہیں Make pairs۔ جب بچے جوڑے بنالیں تو اُن ہی سے اخذ کرائیں کہ وہ pairs میں کیا کریں گے۔

4۔ بچوں کو جوڑوں میں . . . Show me. کے ذریعے ایک دوسرے کو تصاویر پر اُنگلی رکھ کر اُن کے انگریزی نام ادا کروا

دیں۔ اِس دوران اُن کی مدد اور رہنمائی کریں۔

سرگرمی نمبر 2: Game کھیلنا (10 منٹ)

1۔ بچوں سے کہیں Close your books۔ کیونکہ وہ ایک مزے کی Game کھیلیں گے۔ ایک بچے کو سامنے بُلائیں۔ دوسرے بچوں سے کہیں کہ آپ کو غور سے دیکھیں۔ سامنے کھڑے ہوئے بچے کو اپنی شہادت کی اُنگلی دکھاتے ہوئے کہیں کہ اس finger کو Yak سمجھ لیں۔ انگوٹھا دکھاتے ہوئے کہیں کہ یہ ہو گیا zebra۔ اُس سے کہیں کہ آپ نے yak کو پکڑنا ہے۔ اس دوران آپ شہادت کی اُنگلی تیزی سے ہلاتے ہوئے کہتے جائیں yak, yak۔ بچے سے کہیں کہ وہ بھی آپ کے ساتھ yak, yak کہتا جائے۔ بچہ اُس اُنگلی کو پکڑنے کی کوشش کرے گا۔ جیسے ہی وہ آپ کی اُنگلی پکڑے، آپ انگوٹھا پکڑوا دیں اور زور سے کہیں zebra۔ دو تین مرتبہ بچوں کے ساتھ یہی کھیل کھیلیں۔

2۔ اب اُن سے کہیں کہ pairs میں بھی یہی game کھیلیں۔

3۔ بچوں کو جوڑوں میں یہ کھیل کھیلتے ہوئے دیکھیں۔ اُن سے کہیں کہ yak یا zebra کی جگہ وہ zip کا نام بھی game میں لے سکتے ہیں۔

گھر کا کام:

بچوں سے کہیں کہ گھر سے ان میں سے اپنی پسند کی کوئی ایک picture، draw کر کے لائیں۔ اُن سے کہیں کہ دیکھیں کہ zip کون کون سی چیزوں میں لگے ہوئے ہیں۔

سبق نمبر 20:

عنوان: سیکھے ہوئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ (Vase, Watch, X-ray, Yak, Zip, Zebra)

مقاصد / مہارتیں / ذہانتیں

☆ سُننا / بولنا۔ ☆ سیکھے ہوئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ۔ ☆ تنقیدی سوچ۔ ☆ دوسروں کا خیال رکھنا۔

☆ Thank you اور Wel come کہنا۔ ☆ زبانی / لسانی ذہانت۔ ☆ گروہی ذہانت۔

☆ جسمانی / حرکاتی ذہانت۔

سلام و دُعا: پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

- بچوں سے پوچھیں! کون بتائے گا، آج کون سا دِن day ہے۔ بچوں سے کہیں raise your hand اور بتائیں۔ بچے اگر بتائیں تو good کہہ کر اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ دن بتانے والے بچوں کے لئے clapping کریں۔ اگر بچے نہ بتا سکیں تو خود اُنہیں دن بتا دیں۔ کہ آج فلاں دن ہے۔ ساتھ ساتھ اُن سے پوچھیں کہ کل کون سا دن تھا۔ بچے یاد کر کے بتائیں

گھر کا کام:

بچوں سے کہیں Show me your drawings۔ بچے اپنی بنائی ہوئی تصاویر دکھائیں گے اور اُن کے انگریزی بتائیں گے۔ اُن کی حوصلہ افزائی well done اور very good کہہ کر اُنہیں شاباش دیں۔ اُن سے اخذ کرائیں کہ اُنہوں نے کن چیزوں میں Zip لگے ہوئے دیکھے تھے۔

سرگرمی نمبر 1: Story time (10 منٹ)

1۔ بورڈ پر ستارہ بنائیں۔ بچوں سے اخذ کرائیں کہ story time ہے۔ اُن کو درجِ ذیل کہانی مُناسب اِشاروں اور لب ولہجہ کے ساتھ سُنائیں۔

ایک دن zebra اور yak نے پہاڑ پر چڑھنے کا پروگرام بنایا۔ دونوں پہاڑ کے اُوپر چڑھتے گئے، چڑھتے گئے۔ yak بہت گرم کپڑے پہنے ہوئے تھے، جبکہ zebra بے چارا صرف پینٹ شرٹ ہی میں ملبوس تھا۔ Zebra کو سخت سردی لگنے لگی۔ وہ سردی سے ٹھٹھرنے لگا۔ جب yak نے دیکھا کہ اُس کے دوست کو سردی لگ رہی ہے تو اُس نے اپنی ایک zip والی جیکٹ اُتار کر zebra

دے دی۔ Zebra نے جیکٹ لیتے ہوئے کہا، "Thank you، میرے دوست"۔ Yak نے جواب میں کہا، "You'r wel come"۔ Zebra نے جلدی سے جیکٹ پہن لیا۔

جب دونوں دوست چلتے چلتے پہاڑ کی چوٹی تک پہنچ گئے تو yak نے اپنی watch میں tiem دیکھا۔ دوپہر کا ایک بج رہا تھا۔ وہاں بہت سے roses کھلے ہوئے تھے۔ Zebra نے کہا، "آہا! میں یہ roses گھر لے جا کر vase میں لگاؤں گا"۔ اُس نے بہت سے رنگوں کے roses توڑ لئے۔ دونوں نے apple اور fishy کھائی اور واپس آ گئے۔

کہانی ختم کرنے کے بعد بچوں سے درجِ ذیل سوالات پوچھیں اور ہر مرتبہ سوال پوچھنے کے بعد اُن سے کہیں Raise your hands۔

☆ Yak نے Zebra کو کیسی جیکٹ دی تھی؟

☆ جب yak نے zebra کو جیکٹ دی تو اُس نے yak سے کیا کہا؟

☆ جواب میں yak نے کیا کہا؟

سبق نمبر 21

عنوان: A

مقاصد/مہارتیں/ذہانتیں:

☆ مختلف الفاظ میں آواز A کی پہچان و ادائیگی۔ ☆ حرف A کی پہچان۔
☆ سُننا/بولنا۔ ☆ تنقیدی سوچ۔ ☆ تخیلاتی سوچ۔
☆ حرکی مہارت۔ ☆ ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ۔
☆ زبانی/لسانی ذہانت۔ ☆ جسمانی/حرکاتی ذہانت۔ ☆ گروہی ذہانت۔

تدریسی مواد:

☆ انگریزی کتاب صفحہ نمبر 8۔

سبق کے اقدامات: وقت 5 منٹ

☆ دعا سلام سے سرگرمی کا آغاز کریں۔
پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔
دِ کے نام کے بارے میں پوچھنا۔ (پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق)
گھر کا کام چیک کریں۔

سرگرمی نمبر 1 تصوری پر بات چیت وقت 12 منٹ

بچوں کو بتائیں کہ اُن کی English کی book میں apple کسی دوسری جگہ پر بھی چُھپا ہوا ہے۔ وہ ڈھونڈ کر دکھائیں۔ اُن۔
Open your books please۔
بچے اپنی کتابوں میں تصویر پر اُنگلی رکھ کر دکھائیں گے۔
بچّوں سے کہیں آج ہم apple کے بارے میں باتیں کریں گے؟
اُن سے پوچھیں، ''مجھے کون بتائے گا کہ picture میں apple کا کون سا colour ہے؟''
بچوں نے اُردو میں سُرخ سیکھا ہے لہٰذا وہ سُرخ رنگ بتائیں گے۔ پوچھیں ''کیا کوئی جانتا ہے سُرخ کو English میں کیا کہتے ہیں؟''
اگر کوئی بچہ بتا سکتا ہو تو اس کو Very good کہہ کر سَراہیں۔ ورنہ خود بتا دیں کہ apple کا colour، red ہوتا ہے۔ پوچھیں:

☆ آپ کی کلاس میں دوسری کن چیزوں کا colour، red ہے؟ بچے اپنے مشاہدے کی بنیاد پر بتائیں گے۔
☆ اگر آپ apple ہوتے تو کیسے کہتے کہ میں apple ہوں؟
☆ اگر آپ apple ہوتے تو کیسے چلتے؟ چل کر دکھائیں۔

سرگرمی نمبر 2 A کی آواز اور شکل کی پہچان و ادائیگی وقت 10 منٹ

بچوں سے کہیں Say, apple۔ بچے نام دُہرالیں گے۔ اُن سے کہیں Listen, apple۔ Apple لفظ اس طرح ادا کریں کہ شروع کی آواز 'اے' الگ اور واضح سُنائی دے۔ بچوں سے چار پانچ مرتبہ آواز 'اے' ادا کروائیں۔
بچوں سے پوچھیں، '' کیا آپ کسی دوسری ایسی چیز کا نام جانتے ہیں جس کے شروع میں 'اے' آواز آتی ہو؟''۔ بچوں سے aeroplane اخذ کروائیں۔ (بچے یہ لفظ پہلے ہی سے جانتے ہیں کیونکہ اُنہیں تصاویر کے ناموں کے تعارف میں یہ لفظ سکھایا گیا ہے)۔ بچوں کو well done کہہ کر اُن کو سَراہیں۔
وں کو بتائیں کہ A کی شکل بھی ہوتی ہے۔ کتاب میں A کی نشاندہی کروائیں۔ اگر بچے 'اے' نام کہیں تو بچوں کو بتائیں کہ اس کا نام بھی ئے ہے اور آواز بھی 'اے' ہے۔
ں سے کہیں Show me 'A'۔ بچے اپنی کتابوں میں 'A' پر اُنگلی رکھ کر دکھائیں گے۔
سے کہیں Make pairs۔ بچے جوڑے بنائیں گے۔ اُن سے کہیں کہ ایک دوسرے سے کہیں Show me 'A' اور 'A' پر fing رکھ کر ایک دوسرے کو دکھائیں۔
ا کلاس میں اردگرد دیکھیں یا اپنے hands یا fingers سے 'A' کی شکل بنا کر دکھائیں۔

رمی نمبر 3 ڈرائنگ وقت 5 منٹ

ں سے کہیں کہ اب وہ اپنی سلیٹوں پر ایک apple بنائیں گے جس کی eyes، nose اور lips ہیں۔
بچے تصویر بنا کر باری باری ایک دوسرے کو دکھائیں گے۔
ٹ: ڈرائنگ کا کام بچے اُس وقت بھی کر سکتے ہیں جب اُستاد دوسری کلاس کو پڑھانے چلا جائے۔

ھر کا کام:
☆ بچوں سے کہیں کہ گھر سے apple، draw کر کے لائیں۔
☆ بچوں سے کہیں کہ اپنے گھر والوں سے یا دوستوں سے ایک ایسا نام پوچھ کر آئیں جس کی شروع کی آواز 'A' ہو۔ اگلے روز آ کر بتائیں۔

سبق کا جائزہ:

1۔ اپنی book میں apple، draw کر کے لائیں۔

2۔ Apple کی شروع کی آواز کیا ہے؟

3۔ آواز 'A' سے شروع ہونے والا کوئی بھی نام بتائیں۔

4۔ Open your English books, please.

5۔ Show me 'A'

6۔ Thank you, close your books

سبق نمبر22

عنوان: 'A'

مقاصد/مہارتیں/ذہانتیں:

☆ حرف'A' کی لکھائی۔ ☆ 'A' کی آواز اور شکل کی دُہرائی۔ ☆ سُننا/ بولنا۔

☆ تخیلاتی سوچ۔ ☆ تنقیدی سوچ۔ ☆ زبانی/لسانی ذہانت۔

☆ ذاتی ذہانت۔ ☆ جسمانی/حرکاتی ذہانت۔

تدریسی مواد:

☆ انگریزی کتاب صفحہ نمبر8۔

سبق کے اقدامات: وقت5منٹ

☆ دعا سلام سے سرگرمی کا آغاز کریں۔

پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

دِن کے بارے میں پوچھنا۔ (پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق)

گھر کا کام چیک کرنا:

بچوں کو بتائیں کہ کل apple اور aeroplane روتے ہوئے آئے اور اُنہوں نے اِشاروں سے بتایا کہ اُن کی

ہے۔اُن سے پوچھیں، ''ان دونوں کی شروع کی آواز کون بتائے گا؟''۔ان سے 'A' کی آواز اخذ کرائیں۔

بچوں سے پوچھیں کہ 'A' سے شروع ہونے والے کچھ اور نام اگر اُنہوں نے گھر میں کسی سے سیکھے ہیں تو بتائیں۔مزید

بچوں کو well done کہہ کر اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔

بچوں سے پوچھیں، ہاتھ اُٹھائیں کتنے بچوں کو سارے دِنوں کے نام یاد ہیں؟۔۔۔۔۔۔ ہاتھ اُٹھانے والے بچوں میں اُن

پوچھیں، جنہوں نے پہلے ہاتھ نہیں اُٹھایا تھا۔

سرگرمی نمبر1 'A' کی لکھائی کی مشقیں وقت20منٹ

بچوں کو بتائیں کہ ایک دِن apple اور aeroplane باغ کی سیر کو گئے۔ وہاں اُنہوں نے دو سلائیڈ دیکھے جن کے اُوپر کے سر

آپس میں ملے ہوئے تھے۔ا(اب دونوں ہاتھوں کی اُنگلیوں کے سروں کو پس میں اِس طرح طرح ملائیں کہ A کی شکل نظ

آئے)۔ Appleایک سلائیڈ سے نیچے کو اس طرح پھسلا (بورڈ پر اُوپر سے نیچے بائیں طرف ترچھی لکیر کھینچیں)۔ اور aeroplane بھی وہیں سے دوسری سلائیڈ پر یوں کر کے پھسلا (بورڈ پر A کی شکل پوری ہو جائے؟"۔اب A کی درمیانی لکیر بھی بائیں سے دائیں طرف لگا دیں۔

نوٹ: A کو بورڈ پر اتنی اُونچائی میں لکھیں جہاں تک بچوں کا ہاتھ آسانی سے پہنچ سکے۔

بورڈ پر A کی شکل پر چاک پھیرنا:

باری باری چند بچوں کو بُلائیں کہ آ کر بورڈ پر A پر چاک پھیریں۔اس دوران اس بات کا خیال رکھیں کہ بچے صحیح سمت میں چاک پھیر رہے ہیں۔

سلیٹوں پر لکھنا:

بچوں سے کہیں کہ اپنی سلیٹوں پر بھی A لکھیں اور ایک دوسرے کو دکھائیں۔

کتاب میں لکھنا:

بچوں سے کہیں Make pairs۔ بچے جوڑوں میں بیٹھ جائیں گے۔اُن سے کہیں Open your books please۔ بچے اپنی کتابیں کھولیں گے۔اُنہیں اپنی کتاب کا صفحہ 8 دکھائیں تا کہ وہ بھی وہی صفحہ کھول دیں۔اُن سے کہیں 'Show me 'A۔ بچے آپ کو صفحے پر 'A' دکھائیں گے۔

اُن سے کہیں کہ لائنوں میں لکھے ہوئے 'A' پر پنسل پھیریں اور اس سے آگے خالی لائنوں میں خود 'A' لکھیں۔ بچوں کو جوڑوں میں کام کرتا ہوا دیکھیں اور جہاں ضرورت ہو، رہنمائی کریں۔ بچوں سے کہیں کہ ایک دوسرے کو اپنی book میں کیا ہوا کام دکھائیں۔اُن سے کہیں Give me your books, please۔ بچے باری باری آ کر آپ کو اپنی کتابیں دیں گے۔

نوٹ:

اساتذہ اپنی سہولت کو مدِنظر رکھتے ہوئے بچوں کا کام چیک کریں اور فیڈ بیک دیں۔

گھر کا کام:

بچوں سے کہیں کہ اپنی کاپیوں یا تختیوں میں 'A' لکھ کر لائیں۔

سبق کا جائزہ:

1۔ بچوں سے کہیں 'A' سے شروع ہونے والی کوئی picture، draw کریں اور اس کے ساتھ 'A' لکھیں۔

سبق نمبر 23

عنوان: 'B'

مقاصد/مہارتیں/ذہانتیں:

☆ آواز 'B' کی پہچان وادائیگی۔ ☆ حرف 'B' کی پہچان۔ ☆ سُننا/بولنا۔
☆ تنقیدی سوچ۔ ☆ غلطی پر sorry کہنا۔ ☆ خوداعتمادی۔
☆ پیشکش۔ ☆ زبانی/لسانی ذہانت۔ ☆ گروہی ذہانت۔
☆ جسمانی/حرکاتی ذہانت۔

تدریسی مواد:

☆ انگریزی کتاب صفحہ نمبر 8۔

سبق کے اقدامات: وقت 5 منٹ

☆ دعا سلام سے سرگرمی کا آغاز کریں۔

پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

بچوں سے کہیں

Touch your had, touch your nose

Touch your lips, touch your toes

دِن کا نام پوچھنا:

بچوں سے پوچھیں، ہاتھ اُٹھائیں کتنے بچوں کو سارے دِنوں کے نام یاد ہیں؟ ہاتھ اُٹھانے والے بچوں میں اُن بچوں سے پوچھیں، جنہوں نے پہلے ہاتھ نہیں اُٹھایا تھا۔

گھر کا کام چیک کرنا: (پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق)

سرگرمی نمبر 1: کہانی سُنانا وقت 8 منٹ

1۔ بورڈ پر ستارہ بنائیں۔ بچوں سے اخذ کرائیں کہ یہ story time ہے۔ اُنہیں درج ذیل کہانی مُناسب لب ولہجہ، آواز کے اُتار چڑھاؤ اور حرکات وسکنات کے ساتھ سُنائیں۔ کہانی سُناتے وقت 'B' والے الفاظ میں آواز 'B' پر زیادہ زور دیں تا کہ بچوں کو واضح طور پر سُنائی دے۔

ایک دِن ببلو اپنے دوست بنٹی کے ساتھ گلی میں کرکٹ کھیل رہا تھا۔ ببلو نے جیسے ہی ball پھینکی تو بنٹی نے اپنے bat سے ا
زور سے مارا کہ وہ سامنے بیلا آنٹی کے گھر کی window کو لگ گئی۔ اور اُس کا شیشہ ٹوٹ گیا۔ دونوں دوستوں کو بہت دُکھ ہوا
آنٹی کے گھر گئے اور اُس سے کہا، ''Sorry بیلا آنٹی! ہم سے غلطی ہوگئی۔ بیلا آنٹی نے اُن سے کہا، '' کوئی بات نہیں بیٹا! لیکن
گلی میں نہیں بلکہ کھلے گراونڈ میں کھیلا کریں''۔ دونوں دوست Thnak you کہتے ہوئے واپس چلے گئے۔

کہانی ختم کرنے کے بعد بچوں سے درجِ ذیل سوالات پوچھیں۔

☆ ببلو کے دوست کا کیا نام تھا؟

☆ Window کا شیشہ کیسے ٹوٹا؟

☆ بنٹی اور ببلو نے بیلا آنٹی سے کیا کہا؟

سرگرمی نمبر 2 'B' کی آواز اور شکل کی پہچان وقت

بچوں سے کہیں کہ وہ ایک دوسرے کو bat اور ball کے نام سُنائیں اور سوچیں کہ ان ناموں کے شروع میں کون سی آواز آتی
سے اخذ کرائیں یا خود واضح تلفظ کے ساتھ اِس طرح ادا کریں کہ شروع کی آواز الگ سُنائی دے۔ بچوں سے چار یا پانچ
کروائیں۔

بچوں سے کہیں کہ وہ ایک دوسرے کو bat اور ball کے نام سُنائیں اور سوچیں کہ ان ناموں کے شروع میں کون سی آواز آتی
اخذ کرائیں یا خود واضح تلفظ کے ساتھ نام اس طرح ادا کریں کہ شروع کی آواز الگ سُنائی دے۔ بچوں سے چار یا پانچ
کروائیں۔

بچوں سے پوچھیں کہ story میں دوسرے کون کون سے ناموں کے شروع میں یہی آواز آتی ہے۔ اُن سے بنٹی، ببلو، بیلا اخذ کرائیں
بچوں کو بتائیں کہ آواز 'B' کی ایک شکل بھی ہوتی ہے۔ بورڈ پر 'B' لکھیں اور بچوں کو دکھائیں۔ اگر بچے 'بی' نام لیں تو اُنہیں بتائیں ر
کا نام B ہے اور آواز یہ ہے۔

'ب' کہتے ہوئے 'بی' ہرگز نہیں کہیں بلکہ 'ب' کے اُوپر ہلکی سی زبر کا استعمال کریں۔

بچوں سے کہیں کہ اپنی book میں یہی 'B' دکھائیں۔ بچے دکھائیں گے۔ پوچھیں، ''B کے ساتھ دوسری کون کون سی pictures ہو
چاہئیں؟''

بچوں سے اخذ کرائیں صحیح جواب دینے پر انہیں very good یا well done کہہ کر سراہیں۔

سرگرمی نمبر 3 رول پلے وقت 10 منٹ

بچوں سے کہیں Make groups۔ اب اُن سے کہیں کہ اپنے گروپوں میں اسی story کے لئے ایک رول پلے تیار کریں
بچوں کی تیاری کے دوران اُن کی مدد اور راہنمائی کریں اور گروپ میں ببلو اور بنٹی اور بیلا آنٹی بن جائیں۔

باری باری چند گروپ آ کر اپنا رول پلے پیش کریں گے۔ ہر مرتبہ گروپ کو اپنا رول پلے پیش کرنے کے لئے درج ذیل ہدایات دیں۔ مثلاً

........group, come here, please

گروپ کی پیشکش کے بعد بچوں سے کہیں کہ ان کے لئے clapping کریں۔ گروپوں کو واپس جانے کے لئے درج ذیل ہدایات دیں۔

Thank you, go to your seats, please

گھر کا کام:

بچوں سے کہیں کہ اپنے گھر والوں، دوستوں سے پوچھیں کہ آواز 'B' سے دوسرے کون کون سے نام شروع ہوتے ہیں۔

سبق کا جائزہ:

بچوں سے پوچھیں:

1: 'B' سے شروع ہونے والا کوئی نام بتائیں۔

2: اپنی سلیٹوں پر اپنی پسند کی کوئی ایسی چیز draw کریں جو آواز 'B' سے شروع ہوتی ہو۔

سبق نمبر 24

عنوان: B

مقاصد رمہارتیں رذہانتیں:

☆ حرف 'B' کی لکھائی۔ ☆ آواز 'B' کی دُہرائی۔ ☆ سُننا ربولنا۔

☆ تخیلاتی سوچ۔ ☆ تنقیدی سوچ۔ ☆ تخلیقی سوچ۔

☆ زبانی رلسانی ذہانت۔ ☆ گروہی ذہانت۔ ☆ جسمانی رحرکاتی ذہانت۔

تدریسی مواد:

☆ انگریزی کتاب صفحہ نمبر 8۔

سبق کے اقدامات: وقت 5 منٹ

☆ دعا وسلام سے سرگرمی کا آغاز کریں۔

پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

☆ دِن کا نام پوچھنا۔

بچوں سے پوچھیں، ہاتھ اُٹھائیں کتنے بچوں کو سارے دِنوں کے نام یاد ہیں؟۔۔۔۔۔۔۔ ہاتھ اُٹھانے والے بچوں میں اُن پوچھیں جنھوں نے پہلے ہاتھ نہیں اُٹھایا تھا۔ (دیکھیں اب کتنے بچے سارے دِنوں کے نام انگریزی میں بتا سکتے ہیں۔)

گھر کا کام چیک کرنا:

☆ بچوں سے 'B' سے شروع ہونے والے نام اخذ کرائیں۔

سرگرمی نمبر 1 'B' کی لکھائی کی مشقیں وقت 20 منٹ

بچوں کو بتائیں کہ ایک دن bat دھوپ سینک رہا تھا (بورڈ پر 'B' لکھنے کے لئے اُوپر سے نیچے سیدھی لکیر لگائیں) کہ ایک ball دوڑتی آئی اور اُس کے head کے قریب کھڑی ہوگئی (B کا اُوپر کا حصہ بنائیں)۔ اتنے میں دوسرے ball آئی اور پہلی ball کے نیچے کھڑی ہوگئی۔ (B کو مکمل کریں)۔

بچوں سے پوچھیں، ''ارے یہ کیا بن گیا؟'' اُن سے 'B' اخذ کرائیں۔

اب بچوں سے پوچھیں، ''میری طرح یہی story کون سُنائے گا؟'' کسی بچے کو بُلائیں کہ وہ آ کر آپ کی طرح story سُنائے اور آپ کے لکھے ہوئے 'B' پر چاک پھیرے۔ چند بچوں سے یہی عمل کروائیں۔

اس دوران مندرجہ ذیل ہدایات استعمال کریں۔

come here please, Thank you, go to your seat, please

سلیٹوں پر لکھنا:

بچوں سے کہیں کہ 'B' کو سلیٹوں پر لکھیں اور ایک دوسرے کا دکھائیں۔ اس دوران مشاہدہ کریں کہ بچے صحیح سمت میں لکھ رہے ہیں۔

کتابوں میں لکھنا:

بچوں سے کہیں Make pairs۔ بچے جوڑوں میں بیٹھ جائیں گے۔ اپنی کتاب کا صفحہ 8 کھول کر بچوں کو دکھائیں اور اُن سے کہیں، Open your books, please۔

بچے وہی صفحہ کھول کر دکھائیں گے۔ اُن سے کہیں Show me 'B'۔ بچے 'B' پر اُنگلی رکھ کر دکھائیں گے۔

اُن سے کہیں کہ لائنوں میں لکھے ہوئے 'B' پر پنسل پھیریں اور اس سے آگے خالی لائنوں میں خود 'B' لکھیں۔ بچوں کو جوڑوں میں کام کرتا ہوا دیکھیں اور جہاں ضرورت ہو رہنمائی کریں۔ بچوں سے کہیں کہ pairs ایک دوسرے کو اپنی book میں کیا ہوا کام دکھائیں۔ اُن سے کہیں Give me your books, please۔ بچے باری باری آ کر آپ کو اپنی کتابیں دیں گے۔

نوٹ: اساتذہ اپنی سہولت کو مدِنظر رکھتے ہوئے بچوں کا کام چیک کریں اور فیڈ بیک دیں۔

گھر کا کام:

☆ بچوں سے کہیں کہ اپنی کاپیوں یا تختیوں میں 'B' لکھ کر لائیں۔

☆ ترتیب سے دِنوں کے نام یاد کریں۔ Monday سے شروع کریں۔ یعنی:

Monday Tuesday Wednesday Thursday Friday Saturday Sunday

سبق کا جائزہ:

1۔ بچوں سے کہیں اپنی سلیٹوں پر 'B' لکھیں۔

سبق نمبر25

عنوان: 'C'

مقاصد رمہارتیں رذہانتیں:

☆ حرف'C' کی شکل کی پہچان۔ ☆ الفاظ میں آواز'C' کی پہچان اور ادائیگی۔

☆ سُننا ربولنا۔ ☆ تنقیدی سوچ۔ ☆ معلومات کا تجزیہ۔

☆ Synthesis۔ ☆ حرکی مہارت۔ زبانی رلسانی ذہانت۔

☆ ذاتی ذہانت۔

تدریسی مواد:

☆ انگیزی کتاب صفحہ نمبر8۔

☆ دعاوسلام سے سرگرمی کا آغاز کریں۔

پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

۔ بچوں سے پوچھیں، ہاتھ اُٹھائیں کتنے بچوں کو سارے دِنوں کے نام یاد ہیں؟۔۔۔۔۔ ہاتھ اُٹھانے والے بچوں میں اُن بچوں سے پوچھیں، جنہوں نے پہلے ہاتھ نہیں اُٹھایا تھا۔

۔ پوچھیں، آپ میں سے کون کون دِنوں کے نام ترتیب سے بتا سکتے ہیں؟۔۔۔۔۔ چند بچوں سے اخذ کرائیں۔

گھر کا کام چیک کرنا:

بچوں کے گھر کا کام چیک کریں، اور پانی طرف سے فیڈ بیک دیں۔

سرگرمی نمبر1 Guess the riddle وقت8منٹ

بچوں سے کہیں کہ آج آپ اُن کے ساتھ Guess the riddle والا Game کھیلیں گے۔ آپ اُنہیں کسی چیز کے بارے اشارے دیں گے اور وہ اُس چیز کا انگریزی میں نام بتائیں گے۔

اُن سے درج ذیل پہیلیاں بُوجھیں۔

☆ بہت پیارے Colours اِس کے ہوتے ہیں۔

لوگ اِس کو اپنے Head پر رکھتے ہیں۔ (Cap)

☆ چاہے اس میں دودھ پیو، چاہے پیو چائے۔
بڑے کام کی چیز ہے یہ لیکن ٹوٹ نہ جائے۔ (Cup)

ہر مرتبہ پہیلی بُوجھنے کے بعد بُوجھنے کے بعد بچوں کو سوچنے کے لئے وقت دیں۔ صحیح جواب دینے والے بچوں کے لئے Clapping کروائیں۔ پوچھیں!

☆ آپ نے کیسے بُوجھا کہ یہ فلاں چیز ہے؟
☆ بچے اپنے مشاہدے کے بارے میں بتائیں گے۔

سرگرمی نمبر2 'C' کی آواز اور شکل کی پہچان وقت 10 منٹ

بچوں سے پوچھیں، کیا آپ کو یاد ہے، Riddles میں کن کن چیزوں کے بارے میں پوچھا گیا تھا؟
بچے Cap اور Cup کے بارے میں بتائیں۔
اُن سے کہیں کہ ایک دوسرے کو Cup اور Cap نام سُنائیں اور سوچیں کہ اِن کے شروع میں کون سی آواز آتی ہے۔ وہ بھی واضح تلفظ کے ساتھ یہ الفاظ اِس طرح ادا کریں کہ 'C' کی آواز واضح ہو۔ بچوں سے اخذ کرائیں یا خود بتائیں کہ اِن ناموں کی شروع کی آواز 'K' ادا کریں۔ بچوں سے اِس آواز کی مشق کروائیں۔
بچوں کو بتائیں کہ 'C' کی شکل بھی ہوتی ہے۔ بورڈ پر 'C' بتائیں، تو انہیں بتائیں کہ اس کا نام سی ہے، اور اِس کی آواز 'k' ہے۔
بچوں سے کہیں Open your books please۔ اِس دوران کتاب کا صفحہ نمبر 8 کھول کر اُنہیں دکھائیں۔
جب بچے یہی صفحہ نکالیں تو اُن سے کہیں Show me C، سی نام نہ لیں بلکہ اس کی آواز ادا کریں۔
اب اُن سے کہیں کہ Make pairs اور book میں ایک دوسرے کو C دکھائیں۔

سرگرمی نمبر3 ڈرائنگ وقت 5 منٹ

بچوں سے کہیں کہ اپنی سلیٹوں پر ایک Cup، Draw کریں، جس نے ایک Cap پہنی ہوئی ہے۔ بچے تصویر بنائیں اور ایک دوسرے کو اور آپ کو دکھائیں۔
نوٹ: ڈرائنگ کا کام بچے اُس وقت بھی کر سکتے ہیں جب اُستاد دوسری کلاس کو پڑھانے جا رہا ہو۔

گھر کا کام:
بچوں سے کہیں کہ یہی Picture اپنی کاپیوں میں Draw کر کے لائیں۔

سبق کا جائزہ:

1۔ کسی ایسی چیز کا نام بتائیں جس کے شروع میں C کی آواز آئے۔

2۔ بچوں کو درجِ ذیل ہدایات کے مطابق کام کروائیں، اور چیک کریں کہ وہ کر سکتے ہیں یا نہیں۔

☆ Open you books please

☆ Show me C

☆ Thank you, close your books please

سبق نمبر 26.

عنوان: C

مقاصد/مہارتیں:

☆ حرف C کی لکھائی۔ ☆ C کی آواز اور شکل کی دُہرائی۔

☆ سُننا/بولنا۔ ☆ تخیلاتی سوچ۔

تدریسی مواد:

☆ انگریزی کتاب صفحہ نمبر 8 اور کوئی گول ڈھکنا وغیرہ۔

بق کے اقدامات: وقت 5 منٹ

☆ دعا و سلام سے سرگرمی کا آغاز کریں۔

پچھلی دی گئی ہدایات کے بطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

بوں سے آج کے دِن کا نام پوچھیں۔ صحیح بتانے پر اُن کو Very Good دیں۔

ھر کا کام چیک کرنا:

ورڈ پر C لکھ کر بچوں سے اِس کی آواز اخذ کرائیں۔

پوں سے پوچھیں کہ C سے شروع ہونے والے اگر کوئی اور نام اُنہوں نے گھر میں کسی سے سیکھے ہوں تو بتائیں۔ نام بتانے والے بچوں کے لئے Clapping کروائیں۔

سرگرمی نمبر 1 C کی لکھائی کی مشقیں وقت 20 منٹ

چوں کو بتائیں کہ ایک دِن میں کاغذ پر ایک گول ڈھکنا رکھ کر اُس کے گرد پنسل پھیر رہا رہی تھا/تھی۔ (اس دوران بورڈ پر گول ڈھکنا رکھ کر س کے گرد چاک پھیریں۔ خیال رکھیں کہ ڈھکنے کے گرد چاک پھیرنے کی سمت دائیں سے بائیں، جیسا کہ کتاب میں دیا گیا ہے۔) کہ میرا چھوٹا بھائی مجھ سے ٹکرا گیا اور ڈھکنا میرے ہاتھ سے چھوٹ گیا کہ ڈھکنے کی پوری شکل نہیں بن سکی، اور یہ شکل بن گئی۔ (بورڈ پر بنائیں)

بچوں سے پوچھیں کہ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ یہ کیا بن گیا؟

نوٹ: C بورڈ پر ایسی جگہ لکھیں جہاں بچوں کا ہاتھ آسانی سے پہنچ سکے۔

اب باری باری چند بچوں کو بلائیں کہ آ کر C پر چاک پھیریں۔اس بات کا خیال رکھیں کہ بچے صحیح سمت میں C پر چاک پھیر رہے ہیں۔

سلیٹوں پر لکھنا:

بچوں سے کہیں کہ اپنی سلیٹوں پر C لکھ کر ایک دوسرے کو دکھائیں۔

ایک دوسرے کی پشت پر لکھنا:

بچوں سے کہیں Make pairs اور ایک دوسرے کی Back یعنی کمر پر C لکھیں۔

کتابوں میں لکھنا:

بچوں کو اپنی کتاب کا صفحہ نمبر 8 دکھائیں۔اُن سے کہیں Open your books please۔ بچے بھی اپنی کتاب کا صفحہ نکال کر دکھائیں۔اُن سے کہیں Show me C۔

اُن سے کہیں کہ لائنوں میں لکھے ہوئے C پر پنسل پھیریں۔اور اس کے آگے خالی لائنوں میں خود C لکھیں۔

بچوں سے کہیں کہ ایک دوسرے کو اپنا کام دکھائیں۔

چند بچوں سے کہیں کہ ایک دوسرے کو اپنا کام دکھائیں۔

چند بچوں سے کہیں Give me your books please۔ بچے باری باری اپنی کتاب دکھائیں۔اُن کا کام چیک کریں۔

گھر کا کام:

بچوں سے کہیں کہ اپنی کاپیوں میں یا تختیوں پر C لکھ کر لائیں۔

سبق کا جائزہ:

1۔ بچوں سے کہیں C سے شروع ہونے والی کسی چیز کی Draw،Picture کریں اور اُس کے ساتھ C لکھیں۔

2۔ بچوں سے کہیں کہ اپنی کلاس میں دیکھیں یا اپنے Hands،Fingers یا Body سے C کی شکل بنا کر دکھائیں۔

سبق نمبر 27

عنوان: D

مقاصد/مہارتیں/ذہانتیں:

☆ آواز 'D' کی پہچان وادائیگی۔ ☆ حرف 'D' کی پہچان۔ ☆ سُننا/بولنا۔

☆ تنقیدی سوچ۔

☆ حرکی مہارت۔ ☆ زبانی/لسانی ذہانت۔ ☆ گروہی ذہانت۔ ☆ ذاتی ذہانت۔

☆ موسیقی/رئے کی ذہانت۔ ☆ جسمانی/حرکاتی ذہانت۔

تدریسی مواد:۔

☆ انگریزی کتاب صفحہ نمبر

سبق کے اقدامات: وقت منٹ

☆ دُعاوسلام سے سرگرمی کا آغاز کریں۔

پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگیزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

بچوں سے پوچھیں، ہاتھ اُٹھائیں کتنے بچوں کوسارے دِنوں کے نام یاد ہیں؟-----ہاتھ اُٹھانے والے بچوں میں اُن بچوں سے پوچھیں، جنہوں نے پہلے ہاتھ نہیں اُٹھایا تھا۔

آپ میں سے کون کون دِنوں کے نام ترتیب سے بتا سکتے ہیں؟---چند بچوں سے اخذ کرائیں اور دیکھیں، کتنے بچے بتا سکتے ہیں؟

گھر کا کام چیک کرنا:

بچوں کے گھر کا کام چیک کریں۔اور اُنہیں شاباس دیں۔

سرگرمی نمبر Rhume time وقت منٹ

اپنی کتاب کا صفحہ نمبر 8 نکال کر بچوں کو دکھائیں۔اُن سے کہیں Open your English books, please۔بچے اپنی کتابیں کھولیں گے۔Doll کی تصویر پر اُنگلی رکھ کر بچون سے پوچھیں،''مجھے کون بتائے گا کہ یہ کس کی picture ہے؟'' بچے doll بتائیں

گے۔

اُنہیں بتائیں کہ آج doll کے بارے میں ایک اچھی سی rhyme گائیں گے۔ اُنہیں بتائیں کہ جب آپ اُن سے کہیں follow me تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ جیسے آپ کرتے اور کہتے جائیں وہ بھی ویسا ہی کریں گے اور کہیں گے۔

اب درجِ ذیل نظم مُناسب اشاروں اور واضح تلفظ کے ساتھ تین چار مرتبہ سُنائیں اور بچوں سے بھی کروائیں۔ بچوں سے کہیں follow me۔

میرے پاس ایک doll ہے Mouth جس کا گول ہے

Head پہ جس کے cap ہے Hand میں جس کے ball ہے

bag میں اُس کے slate ہے دوست اُس کی quail ہے

بچے آپ کی پیروی کرتے ہوئے آپ کے ساتھ ساتھ ایک ایک مصرعہ گاتے جائیں گے اور آپ کی طرح حرکات وسکنات کرتے جائیں گے۔

اب بچوں سے کہیں کہ آپ کہیں گے، ''میرے پاس ایک'' تو بچے کہیں گے ''doll ہے''۔ اسی طرح آپ کہیں گے ''Mouth جس'' بچے کہیں گے ''گول ہے''۔

پوری نظم اسی طرح ٹکڑوں میں کر کے بچوں کے ساتھ دو تین مرتبہ گائیں۔

اب بچوں سے Make pairs کہہ کر جوڑے بنوائیں۔ اُن سے کہیں کہ pairs میں اسی طرح rhyme کو مل کر گائیں۔

بچوں کو جوڑوں میں نظم گاتے ہوئے سُنیں۔

سرگرمی نمبر 2 'D' کی آواز اور شکل کی پہچان وادائیگی وقت 10 منٹ

1۔ بچوں سے پوچھیں:

☆ آپ کو rhyme پسند آئی؟ کیوں؟

☆ Rhyme کس کے بارے میں تھی؟ بچے doll بتائیں گے۔ پوچھیں:

☆ کیا آپ جانتے ہیں doll کہتے ہوئے شروع میں کون سی آواز آتی ہے؟

اگر بچے نہ بتا سکیں تو اُن سے کہیں Doll۔Listen, doll کہتے ہوئے آواز 'D' پر زور دیں کہ بچوں کو آواز 'D' واضح سُنائی دے سے چار پانچ مرتبہ آواز 'D' اخذ کرائیں۔ 'D' کی آواز ادا کرتے ہوئے حرف کا نام نہ لیں بلکہ doll کے نام کے شروع میں جو آواز دیتی ہے وہ ادا کریں۔

پوچھیں، ''کیا آپ کسی دوسری ایسی چیز کا نام جانتے ہیں جو آپ کی book میں بھی ہو اور اُس کے نام کے شروع میں آواز 'D' آئے بچوں سے dog اخذ کرائیں۔ بچے یہ لفظ پہلے ہی سے جانتے ہیں کیونکہ اُنہیں تصاویر کے ناموں کے تعارف میں یہ لفظ سکھایا گیا بچوں کو very good کہہ کر اُن کو سراہیں۔

بچوں سے کہیں، ''کیا آپ مجھے اپنی book میں 'D' کی شکل دکھا سکتے ہیں؟'' بچے کتابوں میں صفحہ 8 پر 'D' کی نشاندہی کریں گے

بچے 'D' کا نام 'ڈی' ادا کریں تو اُنہیں بتائیں کہ اس کا نام تو 'ڈی' ہے جبکہ آواز 'D' ہے۔
بچوں سے کہیں کہ book میں ایک دوسرے کو 'doll' اور 'D' بنا کر دکھائیں۔

سرگرمی نمبر 3 ڈرائنگ وقت 5 منٹ

1۔ بچوں سے کہیں کہ اپنی سلیٹوں پر ایک doll، draw کریں، جس نے آپ کی پسند کی frock پہنی ہوئی ہے۔
2۔ بچے تصویر بنا کر باری باری ایک دوسرے کو دکھائیں گے۔

نوٹ: بچے ڈرائنگ کا کام اُس وقت بھی کر سکتے ہیں جب اُستاد دوسری کلاس کو پڑھانے چلا جائے۔

گھر کا کام:

بچوں سے کہیں کہ یہی picture گھروں سے بھی draw کر کے لائیں۔
بچوں سے کہیں کہ اپنے گھر والوں یا دوستوں سے ایسا نام پوچھ کر آئیں جس کے شروع کی آواز 'D' ہو۔ اگلے روز آکر بتائیں۔

سبق کا جائزہ:

بچوں سے پوچھیں:

1۔ Doll کے نام کی شروع کی آواز بتائیں۔
2۔ Dog کا نام کون سی آواز سے شروع ہوتا ہے؟
3۔ open your books ,please
4۔ Show me 'D'
5۔ Thank you, close your books

سبق نمبر28

عنوان: D

مقاصد/مہارتیں/ذہانتیں:

☆ حرف'D' کی لکھائی۔ ☆ 'D' کی آواز اور شکل کی دُہرائی۔ ☆ سُننا/بولنا۔
☆ تخیلاتی سوچ۔ ☆ تنقیدی سوچ۔ ☆ زبانی/لسانی ذہانت۔
☆ ذاتی ذہانت۔ ☆ جسمانی/حرکاتی ذہانت۔

تدریسی مواد:

☆ انگریزی کتاب صفحہ نمبر8۔

سبق کے اقدامات: وقت5منٹ

☆ دُعا وسلام سے سرگرمی کا آغاز کریں۔

پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق انگریزی میں بچوں کا حال احوال پوچھیں۔

☆ پچھلی دی گئی ہدایات کے مطابق بچوں سے دِنوں کے نام پوچھیں۔

گھر کا کام چیک کرنا:

بچوں کو بتائیں کہ میرے dollاور dog کا آپس میں جھگڑا ہو گیا۔ Dog نے doll سے کہ کہ تم میری طرح Doll روتے ہوئے کہنے لگی میں dog کی طرح کیسے ہوسکتی ہوں۔ بچوں سے پوچھیں، ''کیا آپ بتا سکتے ہیں dog نے doll کہا کہ وہ اُس کی طرح ہے؟'' بچوں کو سوچنے کا موقع دیں۔ اُن سے اخذ کرائیں کہ dollاور dog کے ناموں کے شرو 'D' ہے، اس لئے dog خوش تھا کہ doll اُس کی طرح ہے۔

سرگرمی نمبر1 'D' کی لکھائی کی مشقیں وقت20منٹ

بچوں کو بتائیں کہ آج وہ 'D' لکھیں گے۔ بورڈ پر چار لائنیں لگائیں اور اُوپر کی تین لائنوں میں لکھنا شروع کریں۔ کہیں کہ آپ کے hand کو دیکھیں کہ آپ 'D' کیسے لکھتے ہیں۔ کتاب میں دیئے گئے تیروں کی سمت میں آہستہ آہستہ D سیدھی لائین لگاتے ہوئے کہیں down۔ پھر round کہتے ہوئے 'D' کی شکل کو مکمل کریں۔

چار یا پانچ مرتبہ یہی عمل دُہرائیں تاکہ بورڈ پر چار یا پانچ مرتبہ D لکھا جائے۔

نوٹ: 'D' کو بورڈ پر اتنی اُونچائی میں لکھیں، جہاں تک بچوں کا ہاتھ آسانی سے پہنچ سکے۔

بورڈ پر 'D' کی شکل پر چاک پھیرنا:

باری باری بچوں کو بلاتے جائیں کہ آ کر بورڈ پر 'D' پر چاک پھیریں۔ اس دوران بچوں سے کہیں کہ وہ کہتے بھی جائیں down اور round۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ بچے صحیح سمت میں چاک پھری رہے ہیں۔

سلیٹوں پر لکھنا:

بچوں سے کہیں کہ اپنی سلیٹوں پر بھی 'D' لکھیں اور ایک دوسرے کا دکھائیں۔

ایک دوسرے کی بیک پر لکھنا:

بچوں سے کہیں make pairs اور ایک دوسرے کی back یعنی کمر پر 'D' لکھیں۔

کتابوں میں لکھنا:

بچوں کو اپنی کتاب کا صفحہ نمبر 8 دکھائیں۔ اُن سے کہیں open your English bookss, please۔ بچے اپنی کتابوں کا یہی صفحہ کھول کر دکھائیں گے۔ اُن سے کہیں Show me 'D'۔ بچے آپ کو 'D' دکھائیں گے۔ اُن سے کہیں کہ لائنوں میں 'D' پر پنسل پھیریں اور اس سے آگے کالی لائنوں میں خود 'D' لکھیں۔

بچوں کو جوڑوں میں کام کرتا ہوا دیکھیں اور جہاں ضرورت ہو رہنمائی کریں۔ بچوں سے کہیں کہ pairs میں ایک دوسرے کو اپنا کام دکھائیں۔ اُن سے کہیں Give me your books, please۔ بچے باری باری آ کر آپ کو اپنی کتابیں دیں گے۔

نوٹ: اساتذہ اپنی سہولت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بچوں کا کام چیک کریں اور فیڈ بیک دیں۔

'D' کی شکل بنانا:

بچوں سے کہیں کہ اپنی کلاس میں دیکھیں یا اپنے hands، fingers یا body سے D کی شکل بنا کر دکھائیں۔ بچے مختلف طریقوں سے D بنا کر دکھائیں گے۔

گھر کا کام:

بچوں سے کہیں کہ اپنی کاپیوں میں یا تختیوں پر 'D' لکھ کر لائیں۔